Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

السلام علیکم!!!

ہماری ویب سائٹ پر شائع ہونے والے تمام ناولز اور مواد مصنفہ / مصنف کے نام اور ٹائٹل سے محفوظ ہیں۔

ان تحریر کے رائٹس کریزی فینز آف ناول اور مصنفہ / مصنف کے پاس محفوظ ہیں بغیر اجازت کوئی بھی شخص ان تمام ناولز مواد کی نقل نہیں کر سکتا۔

نقل شدہ مواد پکڑے جانے کی صورت میں متعلقہ فرد، بلاگ یا ویب سائیٹ کو در پیش آنے والے مسائل کا وہ خود ذمہ دار ہو گا۔

نوٹ:

ہمیں اپنی ویب سائٹ کریزی فینز اوف ناول کے لئے لکھاریوں کی ضرورت ہے اگر آپ ہماری ویب سائٹ پہ اپنے ناول، افسانے، کالم، آرٹیکل اور شاعری شائع کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل زریع کو استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انشاءاللہ آپ کی تحریر دو دن کے اندر ویب سائٹ پر شائع کر دی جائے گی۔

تفصیلات کے لیے ان رابطوں کا انتخاب کیجیے۔

Email : crazyfansofnovel@gmail.com

Facebook Page : fb.me/CrazyFansOfNovel

Facebook Group : https://web.facebook.com/groups/292572831468911/

Website Url : https://crazyfansofnovel.com

شکریہ

انتظامیہ کریزی فینز آف ناول!!!!!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عشق رلاتا ہے

از قلم

ہانیہ جٹ

زید۔۔۔بھائی۔۔۔زید۔۔بھا۔۔۔کہاں ہو آپ"ثانیہ پھولے سانسوں کے ساتھ بھاگتی ہوئی اسکے روم میں" داخل ہوئی۔

کیا ہوا ہے ایسے کیوں چیخ رہی ہو تمہیں پتا ہے نا اس وقت مجھے کوئی ڈسٹرب کرے تو غصّہ آتا ہے"_اس نے" فائل سے سر اٹھا کے جھنجھلا کے جواب دیا۔

زید بھائی۔۔۔وہ امی۔۔۔"ثانیہ اتنا بولتے ہی رونے لگی۔"کیا ہوا چچی کو"وہ ایک دم پریشان ہو کے اٹھا۔"

امی کی حالت بہت خراب ہو رہی ہے پتا نہیں انھیں کیا ہو گیا ہے پلززز۔۔۔آپ چلیں ڈاکٹر کے پاس چلتے" ہیں"وہ روتے ہوئے بولی۔

وہ بھاگتا ہوا عقیلہ بیگم کے روم میں گیا عقیلہ درانی دل پہ ہاتھ رکھے تکلیف میں تھیں۔

"زید۔۔۔ب۔۔۔ب۔۔بیٹا۔۔۔مم۔۔۔میری۔۔۔ب۔۔بیٹی کو۔۔۔"وہ اٹک اٹک کے بولتے ہوئے بیہوش ہو چکی تھیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Rulata Hai | By Sadiya Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امی۔۔۔۔"وہ بھاگ کر عقیلہ بیگم کے پاس آئی۔"

ثانی یہ ٹائم رونے کا نہیں ہے جاؤ جلدی سے کرم دین کو گاڑی نکالنے بولو"وہ عقیلہ بیگم کو اٹھاتے ہوے" بولا۔ثانیہ نے جلدی سے کرم دین کو گاڑی نکالنے کو کہا گاڑی پارکنگ میں آئی تو زید نے عقیلہ بیگم کو پچھلی سیٹ پہ لیٹایا اور ثانیہ جلدی سے پیچھے بیٹھی اور عقیلہ بیگم کا سر اپنے گود میں رکھا۔زید نے فرنٹ سیٹ سمبھالی اور گاڑی ہسپتال کے راستے کی طرف چلنے لگی۔

♥♥♥

سن مشی تو پنک والی لپسٹک لیکے آئی؟جو میں نے تجھے کل کہا تھا لانے کو جلدی دے چھٹی ہونے والی" ہے میرے ساتھ واشروم کی طرف چلنا"تحریم نے انیس سالہ مشل عرف مشی سے پوچھا۔

لائی تو ہوں۔۔۔پرررر۔۔۔یار تو غلط کر رہی ہے اپنے ماں باپ کی عزت داؤ پے لگا رہی ہے اور تو ہر ہفتے اس" "وقاص سے ملنے چلی جاتی ہے اگر کل کو کچھ ہو گیا تو کیا منہ دیکھا ئیگی اور یہ دنیا تجھے نہیں بخشے گی سمبھل جا مشل نے اسے سمجھانے کی ناکام کوشش کی۔"ارے یار وقاص ایسا نہیں ہے وہ مجھسے پیار کرتا ہے اور لپسٹک دے زیادہ حاجی اماں مت بن"اسنے مشل سے لپسٹک لیکے بیگ کے پچھلے حصّے میں ڈال کے زپ بند کی۔اتنے میں چھٹی کی گھنٹی بجی اور تحریم واشروم کی طرف چل دی اور مشل افسوس سے اپنے بک لیکے گیٹ کی طرف چلی گئی اسکا تحریم کے پیچھے جانے کا موڈ نہیں تھا۔

***

سے نکلتے دیکھ کر وہ جلدی سے انکے قریب آیا۔ i.c.o ڈاکٹر کیا ہوا ہے انھیں"؟ڈاکٹر فرحان کو" انکو ہارٹ اٹیک آیا ہے میں نے کتنی بار آپ کو بتایا ہے انکو سٹریس مت دیں خوش رکھنے کی کوشش کرے"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کوئی بھی اسی خبر مت سنائے کے انکود ھکچھ پیچھے اب دوسری بار انکواٹیک ہوا ہے اگر پھر ہوا تو ہم انھیں نہیں بچا پاینگے۔۔ خیر ہم انکو روم میں شفٹ کر رہے ہیں تھوڑی دیر تک انکو گھر لے جا سکتے ہیں"ڈاکٹر فرحان کہہ کر آگے چلے گ ئے۔

اللہ تیرا لاکھ شکر ہے"وہ اپنے آنسو پوچتے ہوئی تشکر سے بولی۔"

ثانی آخر ہوا کیا تھا جو چچی کو اٹیک آیا تم نے انھیں تنگ تو نہیں کرا؟"اسنے ڈپٹ کر پوچھا۔"

نہیں زید بھائی میں تو پیپر کی تیاری کر رہی تھی کل میرا کمسٹری کا پیپر ہے اسی کی تیاری کر رہی تھی پھر مجھے " پیاس لگی تو پانی پینے کے لیے اٹھی کچن کی طرف جاتے ہوے امی کے روم میں نظر پڑھی تو امی تکلیف میں تھیں"وہ کہتے ہوے پھر سے سسک پڑی۔

اچھا مت رو وہ ٹھیک ہیں نا اب"_وہ چپ کراتے ہوے بولا۔"

وہ لوگ 2،3 گھنٹے مزید رکے اور پھر عقیلہ بیگم کے ڈسچارج ہوتے ہی گھر کی طرف لوٹ گ ئے۔

❤❤❤

کیسی ہو"وقاص نے تحریم سے پوچھا دونوں اس وقت آئسکریم پارلر میں بیٹھے آئسکریم سے لطف اندوز" ہو رہے تھے۔

تمہارے سامنے ہوں خود ہی دیکھلو کیسی ہوں"وہ آئسکریم منہ میں ڈالتی ہوئی لاپرواہی سے بولی۔"

_ہمممم"وقاص نے ہنکارہ بھرا"

تم نے اپنی ممی سے بات کی؟رشتے کے بارے میں؟"اسنے وقاص سے پوچھا۔"

نہیں یار تمہیں پتا تو ہے میں نے ابھی حال ہی میں جاب سٹارٹ کی ہے ابھی بات کرونگا تو ممی نہیں مانینگی"" وہ آرام سے سمجھاتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تم بار بار یہی کرتے ہو پتا نہیں تمہارا شادی کا پلین ہے بھی کہ نہیں یا پھر مجھے الو بنا رہے ہو" ادھر ادھر کے باتوں کے بعد وہ تیکھی نظروں سے دیکھ کر پوچھنے لگی۔

تمہیں مجھ پر بھروسہ ہے یا نہیں ہے ایک دفعہ بتادو" وہ ایک دم آپے سے باہر ہو گیا وہ تحریم کے ان باتوں سے تنگ آچکا تھا اسکے دل میں تحریم کے لیے سچی والی فیلنگس تھی پر تحریم کے شک کرنے سے اب وہ تنگ آچکا تھا۔

ایسے کیوں ہائپر ہو رہے ہو ایسا بھی کیا بول دیا میں نے" وہ منہ بنا کر بولی۔"

اچھا پاپا کا میسج آیا ہے۔ تم نے آئسکریم کھالی ہو تو چلیں؟" وقاص موبائیل چیک کرتا ہوا پوچھنے لگا۔"

ہاں چلو چلتے ہیں" وہ آئسکریم کھا چکی تھی دونوں آئسکریم پارلر سے باہر نکل گئے"

دیکھ نینا ان میں سے بلو والا اچھا لگ رہا ہے یا ریڈ والا" وہ اس وقت اپنی کزن نینا کے ساتھ شاپنگ کرنے آئی" تھی۔ کپڑے دکھاتی ہوئی پوچھنے لگی۔

دونوں سوٹ ہی زبردست ہے پر میرے خیال سے بلو والا زیادہ تم پر سوٹ کریگا" نینا سوچتے ہوئے بولی۔"

میرے اوپر سب کلر اچھا لگتا ہے چاہے ریڈ ہو یا بلو تمہارے اوپر تو وائٹ بھی بلیک نظر آتا ہے" وہ غرور سے" گردن اکڑا کے نینا کا تمسخر اڑاتے ہوئے بولی۔

اتنا غرور اچھا نہیں ہوتا تحریم مانا کے تمہیں اللہ نے بہت خوبصورت بنایا ہے لیکن مت بھولو مجھے بھی اسی" خدا نے بنایا ہے" نینا افسردگی سے بولی۔ اسکا کلر ڈیم تھا اور ناک نقشہ بھی واجبی تھے اسلیے تحریم اسکا ہمیشہ مذاق اڑاتی۔

شٹ اپ یار" وہ بیزاری سے بولی۔ اور کپڑے پیک کروا کر اٹھی۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اندھے ہو کیا نظر نہیں آتا دیکھ کے نہیں چل سکتے" وہ دونوں جوتے دیکھ رہے تھے اور سامنے سے آتے"
ہوئے بندے سے ٹکرا گئے۔

اوہ آئی ایم سوری میں ذرا جلدی میں تھا دراصل میں اپنی بہن کی شاپنگ کے لیے آیا تھا اور مجھے لیڈیز کے"
شاپنگ کا ہی نہیں معلوم" وہ معذرت کرتا ہوا بچارگی سے بولا۔

اف یو ڈونٹ مائنڈ کین آئی ہیلپ یو؟ ہم آپ کی بہن کی شاپنگ کرنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں" نینا"
نے اسے پریشان ہوتے دیکھ کر کہا۔

تھینک یو لیکن آپ لوگوں کو میری وجہ سے کوئی تکلیف نا ہو؟؟" وہ سنجیدگی سے بولا۔"

ارے نہیں ہم بھی شاپنگ کرنے آئے ہیں تھوڑی سی آپ کی بھی مدد کر دینگے تو تکلیف کیسی" نینا مسکرا کر"
بولی۔

اچھا پھر ٹھیک ہے" وہ مسکرایا۔"

تمہیں فضول میں مدد کرنے کی کیا ضرورت تھی اب اس آدمی کی وجہ سے لیٹ ہو جاؤ نگی مجھے تمہارے"
ساتھ آنا ہی نہیں چاہیئے تھا خدمت خلق کا ٹھیکہ جو اٹھا کے رکھا ہے تم نے" وہ غصے سے نینا کے کان میں
آہستہ سے بولی تاکے وہ شخص نہ سن لے۔۔۔

مقابل کے کان بھی بہت تیز تھے۔ زید نے ناپسندیدہ نظروں سے اس لڑکی کو دیکھا جو شکل سے ہی مغرور
لگ رہی تھی دل تو کیا منا کر دے مگر ثانیہ کو شاپنگ پسند نہیں آئے تو اسکی جان نہیں چھوڑے گی اسلیئے وہ
چپ کر کے انکے ساتھ چلنے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یار وہ پریشان ہے مدد کر دی تو کیا ہوا" نینا آہستگی سے بولی۔"

نظر آرہا ہے کس لیے مدد کری ہے" وہ کینہ توز نظروں سے دیکھ کے بولی۔"

..نینا نے اسکی بات کا کوئی جواب نہیں دیا

شاہنواز احمد ایک بزنس مین ہیں فرحین احمد اور شاہنواز احمد کی ایک ہی بیٹی ہے تحریم احمد۔ بے تحاشا لاڈ پیار "

"کی وجہ سے بگڑی ہوئی تھی کسی کو اپنے خاطر میں نہیں لاتی بیحد مغرور۔ وہ تھرڈ ایئر کی سٹوڈنٹ ہے۔

❤❤❤

ثانی لو تمہارے لیے لایا ہوں دیکھ کے بتاؤ کیسی ہیں" وہ درانی مینشن میں داخل ہو کے ثانیہ کو آوازیں"

دینے لگا۔

واو بھائی بہت ہی پیارے جوڑے ہیں لیکن مجھے یہ آپ کی پسند نہیں لگتی آپ پچھلی بار میرے لیے جو"

ڈریس لیکے اے تھے کتنے عجیب تھے میں نے پہنا بھی نہیں اب کی بار سب چیزیں پرفیکٹ ہے تو دال میں کچھ

_کالا لگ رہا ہے" وہ شرارت سے پوچھنے لگی

زید نے اسے گھور کر دیکھا۔"اصل میں مال میں دو خواتین ملی تھیں مجھے تو انھوں نے میری ہیلپ کی انکے

بدولت تمھیں پرفیکٹ چیزیں ملی ہیں" وہ بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے بتانے لگا۔

چچی کہاں ہیں انکے لیے بھی ایک سوٹ لایا ہوں" اسنے ثانیہ سے پوچھا۔"

امی تو روم میں آرام کر رہی ہیں ادھر چل کے دکھاتے ہیں دونوں عقیلہ درانی کو شاپنگ دکھانے لگے تھے "

...دونوں کی نوک جھوک چل رہی تھی اور انکی نوک جھوک پے عقیلہ بیگم مسکرا رہی تھیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حسن درانی کے 2 بیٹے تھے وحید درانی اور خرم درانی۔ حسن درانی کی بیگم مریم درانی کا انتقال ہو چکا" تھا خرم درانی کے پیدائش پر ہی وہ اپنی عزیز جان بیوی کو کھو چکے تھے وہ اپنی بیگم سے بہت پیار کرتے تھے مریم درانی کے انتقال کے بعد انہوں نے شادی نہیں کری اانکا دل نہیں مانتا تھا اس طرح انہوں نے دونوں بچوں کی پرورش اکیلے ہی کی انکی اپنی کمپنی تھی آفس جاتے ہوئے اور بچوں کو سمبھالتے ہوئے انکی زندگی گزر گئی اور دونوں بچے بڑے ہوتے گ ئے۔ بڑے ہونے کے بعد وحید درانی اور خرم درانی نے باپ کا بزنس سمبھال لیا جب انکی شادی کا ٹائم آیا تو انہوں نے وحید درانی کی شادی اپنی بھانجی فاطمہ سے کرادی اور شادی کے ایک سال بعد زید درانی پیدا ہوا سب لوگ بہت خوش ہوئے لوگوں میں مٹھائی بانٹی گئی اور خرّم درانی نے اپنی پسند سے عقیلہ بیگم سے شادی کرلی۔ اور شادی کے تین سال بعد ثانیہ درانی ہوئی۔ ایک دن حسن صاحب کے دوست تیمور احمد کے بیٹے کی شادی تھی اور حسن درانی، خرم درانی ،وحید درانی اور فاطمہ درانی شادی میں گ ئے ہوئے تھے زید کی طبعیت خراب ہونے کی وجہ سے فاطمہ نے زید کو اپنی دیورانی عقیلہ دیا۔ عقیلہ بیگم کا جانے کا دل نہیں کر رہا تھا تو انہوں نے دونوں بچوں کو اپنے پاس رکھ لیا۔ اور رات کو واپسی پے آتے ہوئے حسن درانی کی کار ٹرک کے زد میں آگیا۔ یہ خبر سن کے عقیلہ بیگم کے اوپر قیامت گزر گئی چار چار لاش گھر میں آئی لوگ افسوس کرنے آے۔ بچے الگ رو رہے تھے انہوں نے بہت مشکل سے خود کو سمبھالا اور ایک مہینے کے بعد درانی کمپنی کو چلانے لگیں۔ وہ پڑھی لکھیں تھیں اسلئے آسانی سے کرنے لگی بچے بھی آہستہ آہستہ بڑے ہونے لگے۔ اور عقیلہ درانی کی صحت ختم ہوتی گئی۔ ثانیہ نے ماسٹر ز کیا اور گھر کے کام کاج کرنے لگی گھر میں نوکر چاکر تھے لیکن عقیلہ بیگم کا خیال تھا بھی سے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Rulata Hai | By Sadiya Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سب کام سیکھ جائے گی تو سسرال میں آسانی ہو گی اسلیے انہوں نے کچن ثانیہ کے زمے لگادی۔اور زید پڑھنے کے بعد درانی کمپنی سمبھال رہا تھا"

♥♥♥

بیٹا میں سوچ رہی تھی تم اب آفس بھی جانے لگے ہو کیوں نہ تمہاری کہیں بات پکی کروا دوں" عرفہ شاہ نے اپنے بیٹے وقاص شاہ سے پوچھا۔

ارے ممی ابھی حال ہی میں آفس جانے لگا ہوں اور آپ کو میرے ہاتھ پیلے کرنے کی سوج رہی ہے"

"وقاص کو لگتا تھا عرفہ بیگم ابھی اسکی شادی نہیں کروائینگی اسکا دل عرفہ شاہ کی بات سن کے کھل اٹھا پر وہ اپنی اندرونی خوشی پے قابو پاتے ہوئے سنجیدگی سے بولا۔۔۔۔

بیٹا تمہاری ماں کو ساس بننے کا شوق ہو رہا ہے تا کے گھر میں بہو آے اور انکی لڑائی جھگڑوں کی آوازیں گونجیں"۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ لوگ اس وقت ڈائینگ ہال میں کھانا کھا رہے تھے۔بہروز شاہ عرفہ شاہ کو چھیڑتے ہوئے بولے۔۔

بدلے میں عرفہ شاہ نے زبردست گھوری سے نوازہ۔۔۔

ہاہاہا سچی ممی آپ اسلیے بہولانا چاہتی ہیں؟"وہ بہروز شاہ کی بات سن کے ہنسنے لگا تھا۔۔"

تم بھی انکے ساتھ مل گۓ؟"عرفہ شاہ ناراضگی سے بولیں۔"

ارے نہیں ممی بس تنگ کر رہا تھا"وہ مسکرا کر بولا۔"

اچھا یہ بتاؤ تمہیں کوئی لڑکی تو نہیں پسند"وہ اس سے پوچھنے لگیں۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ممی پسند تو ہے بہت اچھی لڑکی ہے اگر آپ دونوں چاہو تو۔۔وہ بات ادھوری چھوڑ کر انھیں دیکھنے لگا۔"

ارے بیٹا تم خوش تو ہم خوش" بہروز شاہ مسکرا کے بولے۔انکو پتا تھا انکے بیٹے نے کسی خاصیت کی وجہ سے ہی اس لڑکی کو پسند کیا ہو گا۔۔۔۔

ہاں بیٹا ہم تو راضی ہیں تم جب چاہو گے ہم رشتہ لے جاینگے لڑکی کی فیملی بیک گراؤنڈ کے بارے میں بتاؤ" ہمیں" عرفہ شاہ بھی مسکرا کے بولیں۔

اوہ موم تھینک یو سووووو مچ۔۔۔۔"وہ فرط جذبات سے عرفہ شاہ کے لگے لگ گیا۔۔۔"

تمہاری پڑھائی کیسی جا رہی ہے؟"شاہ نواز نے تحریم سے پوچھا تھا۔۔۔

اچھی جا رہی ہے پاپا"اسنے چیز بریڈ کھاتے ہوئے جواب دیا۔وہ لوگ بریک فاسٹ کر رہے تھے۔۔۔۔"

ھمم"شاہنواز نے ہنکارہ بھرا تھا۔۔۔"

پاپا مجھے کچھ پیسے چاہئے"تحریم نے شاہنواز سے کہا۔۔"

کتنے چاہئے پیسے"انھوں نے جوس پیتے ہوئے پوچھا۔۔۔"

پچاس ہزار"تحریم نے جواب دیا تھا۔۔۔"

اتنے پیسے کیوں چاہئے تمہیں"فرحین نے پوچھا تھا۔۔۔"

میری دوست ہے اسکی برتھڈے آنے والی ہے تو سوچا اسکے لئے کچھ اچھا سا گفٹ لوں"اسنے لاپرواہی سے" جواب دیا۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ٹھیک ہے رات میں روم میں آ کے چیک لے لینا" شاہنواز بولے۔۔۔۔ "

فرحین چیز آملیٹ کی پلیٹ پکڑانا" شاہنواز نے فرحین بیگم سے کہا تھا۔۔۔"

****

زید بیٹا آپ تیار ہو گئے "؟عقیلہ اپنا ساڑھی کا پلو سمبھالتے ہوئے اسکے کمرے میں داخل ہوئی تھیں۔۔۔"

یس چچی آئی ایم ریڈی ثانی بھی تیار ہو گئی ؟"زید نے پرفیوم لگاتے ہوئے پوچھا تھا۔۔"

ہاں وہ بھی ریڈی ہو گئی "انہوں نے جواب دیا تھا۔۔۔

چلیں پھر چلتے ہیں "وہ انکو کہتا ہوا باہر کی جانب چلا گیا تھا۔۔۔"

عقیلہ درانی کے پورانے دوست فہیم لغاری جو انکے بزنس پاٹنر بھی رہ چکے تھے انہوں نے انوائٹ کیا تھا" پارٹی پے وہ لوگ اب فہیم لغاری کے پارٹی میں جا رہے تھے۔۔۔

****

بھائی آج بہت ہوا چل رہی ہے نہ ؟"ثانیہ باہر کی ہوا کو محسوس کرتے ہوئے بولی تھی۔۔۔"

ہاں ہوا تو بہت آ رہی ہے اور موسم بھی زبردست لگ رہا ہے "زید گاڑی ڈرائیو کرتے ہوئے باہر دیکھے" بولا۔۔۔

بھائی آئس کریم کھانے چلتے ہیں پھر وہاں سے پارٹی پے جائینگے "وہ خوشی سے اکسائیٹڈ ہو کے بولی تھی۔۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چپ رہو ثانیہ ہر ٹائم فضول فرمائش کرتی رہتی ہو" عقیلہ درانی ثانیہ کو ڈپٹ کر بولی تھیں۔ثانیہ برے" برے منہ بنانے لگی تھی۔زید اسکی طرف دیکھ کے مسکرایا۔۔۔

***

آؤ عرفہ ادھر بیٹھ جاؤ"۔"

جاؤ بصیر میم کے لیے اسپشل جوس لیکے آؤ" صفیہ لغاری عرفہ شاہ کی بیسٹ فرینڈ تھیں انکی آمد پہ خوش" ہوئیں تھیں۔۔ملازم کو آرڈر دیا تھا۔۔۔

کیسی ہو تم میرے گھر کا راستہ ہی بھول گئی تھی تم اگر آج میں تمہیں انوائٹ نہیں کرتی تو شاید آتی ہی نئ " ادھر "صفیہ لغاری ناراضگی سے بولیں تھیں۔۔۔

ارے بس گھر میں تھوڑی بزی تھی تمہارے گھر کا راستہ تھوڑی بھولی ہوں" عرفہ شاہ ہنستے ہوئے بولیں" تھیں۔۔۔۔

اچھا وقاص نہیں آیا اور بہروز بھائی؟؟" صفیہ لغاری نے پوچھا تھا۔۔۔"

نہیں وقاص تو بہت بزی رہنے لگا ہے آفس جانے لگا ہے نا آج بھی اسکی کہیں میٹنگ ہے تو دونوں باپ بیٹے" وہی گ ئے ہیں۔

عرفہ شاہ انھیں بتاتے ہوئے بولیں

پارٹی میں بہت سے لوگ آے ہوئے تھے چہل پہل ہو رہی تھی ملازم بھاگ دھوڑ کر رہے تھے۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اچھا تم نیشا سے مل لو میں ذرا گیسٹ کو دیکھ لوں آنے لگے ہیں" صفیہ لغاری انکو بولتے ہوئے آئیں ہوئے " مہمانوں کو ویلکم کرنے کرنے چلی گئیں۔

اور عرفہ شاہ نیشا کو وش کرنے لگی جو اپنے دوستوں میں گھری ہوئی تھی۔۔۔

آپ لوگ بہت لیٹ آئے ہو کہاں تھے اتنی دیر سے" فہیم لغاری نے عقیلہ درانی سے کہا تھا۔ "

جی اصل میں بچوں کی وجہ سے لیٹ ہو گئے ثانیہ کو آئسکریم کھانا تھا راستے میں رک گئے تھوڑا" عقیلہ " درانی معزرت کر کے بولیں۔۔۔

"اچھا کوئی بات نئی۔۔۔اور برخوردار سناؤ بزنس کیسا چل رہا ہے"

فہیم لغاری نے زید درانی سے پوچھا تھا۔ وہ دونوں بزنس کے بارے بات کرنے لگے۔

***

ہیپی برتھڈے نیشا" تحریم نے مسکرا کر وش کیا تھا اور گفٹ پکڑائی۔۔۔"

" اومائی گوڈ تم کب آئی مجھے یقین نہیں آرہا ہے تحریم احمد میرے برتھڈے پے آئی ہے؟؟ "

نیشا حیرت کی ملی جلی تعسرات کے ساتھ بولی تھی کیوں کے تحریم اسے منہ تک نہیں لگاتی تھی اور اب ایک دم سامنے دیکھ کے حیران ہوئی تھی۔۔۔

جب تم نے انوائٹ کیا ہے تو آنا تو بنتا ہینا وہ اپنے بال ایک ادا سے جھٹک کر بولی تھی۔۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اچھاتم کیاپیو گی ٹھنڈا کے گرم "نیشانے پوچھا تھا۔۔۔"

ٹھنڈا پلادو "تحریم نے جواب دیا تھا۔۔۔"

جاؤ میم کے لیے جوس لے آؤ "نیشانے ادھر ادھر گھومتے ویٹر کو بلا کر کہا تھا۔۔۔"

جی میم یہ لیں آپ کی ڈرینکککک۔۔۔۔۔ "ویٹر نے جیسے ہی گلاس آگے بڑایا سامنے سے آتے عرفہ شاہ کا"

پیر مڑا تھا اور ویٹر سے ٹکرائی تھیں اور گلاس میں موجود جوس تحریم احمد پے گرا تھا۔۔۔

"ہمّت کیسے ہوئی مجھسے ٹکرانے کی آنکھیں ماتھے پے رکھ کر چل رہی تھیں کیا یا اندھی ہو گئی ہیں "

تحریم غصّے سے عرفہ شاہ پے زور سے چیخی تھی۔

ہال میں موجود لوگوں نے مڑ کر انہیں دیکھا تھا۔ کیوں کے آواز بہت لائوڈ لی ہو گئی تھی۔۔۔

ثانیہ نے چونک کر دیکھا تھا آواز کی طرف۔۔

بیٹا آئی ایم سوری پتا نہیں کیسے میرا پیر م۔۔۔۔۔ جب خود کو نہیں سمبھال سکتیں تو ایسے ہیلس مت پہنا"

"کریں جوس گرا کر میرے مہنگے کپڑے خراب کر دئے

تحریم نے انکی بات کاٹ کر اور غصے سے مزید چیخ کر کہا تھا۔۔۔

عرفہ شاہ خفت زدہ ہو گئیں۔۔۔۔ بھری محفل میں انکی بعزتی وہ برداشت نہیں کر پائیں تھیں۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بیٹا غلطی۔۔۔"جب انٹی نے کہا انکا پیر مڑا ہے تو کس بات پے چیخ رہی ہو شرم نام کی چیز ہے کے نہیں تمہارے اندر؟ یا ماں باپ نے تمیز نہیں سکھائی جو نہیں معلوم ہے بڑوں کے ساتھ کیسے بات کرتے ہے انٹی کا پیر دیکھنے کے بجائے اپنے کپڑوں کا رونا رو رہی ہو؟؟"ثانیہ نے غصّے سے کہا تھا۔۔

اسنے جب اس عورت کے آنکھوں میں آنسوں دیکھے اس سے برداشت نہیں ہوا تھا۔۔۔

عقیلہ درانی نے ہمیشہ سمجھایا تھا جہاں بھی غلط ہوتا دیکھو سہی کا ساتھ دو جو اس وقت ثانیہ کر رہی تھی۔۔۔

ہاوڈیر یو مجھے یہ سب بولنے کی"تحریم نے غصے سے ہاتھ اٹھانے کی کوشش کی پر ثانیہ نے اسکا ہاتھ پکڑ لیا" تھا۔۔۔

آئندہ یہ ہاتھ اٹھایا نہ ہاتھ توڑ دونگی اپنی لمٹس میں رہو"ثانیہ نے اسکا ہاتھ جھٹک کر کہا تھا۔۔۔"

ہاوڈیری۔۔۔۔"چلو ادھر سے کپڑے صاف کر لو"تحریم جیسے ہی پھر ثانیہ کی طرف بڑی نیشا نے اسے" روک کر کہا تھا۔۔۔

ہاں بیٹا آپ کپڑے کلین کر لیں۔۔۔اکرم جاؤ میم کو واشروم دکھا دو"صفیہ لغاری جلدی سے بولی تھیں۔" وہ خود شرمندہ ہو گئیں تھی۔اتنے لوگوں کے سامنے۔۔۔

ہٹو میں خود جا سکتی ہوں"اکرم (ملازم) اس کے ساتھ چلنے لگا تو تحریم غصّے سے بولی تھی۔۔۔"

میم آپ راستہ نہیں پہچا نگی"اکرم نے ہچکچا کر کہا تھا۔۔۔"

ایک بار بولا نہ جاؤ یہاں سے"وہ غصے سے بولی۔۔۔اکرم خاموشی سے چلا گیا۔۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نیشا تم ادھر آؤ ذرا بات کرنی ہے تم سے" صفیہ لغاری نے نیشا کو بلایا تھا۔۔۔"

انٹی آپ کا پیر ٹھیک ہے؟ لائیں میں دیکھوں" ثانیہ پریشانی سے بولی تھی۔۔۔ عرفہ شاہ حیران ہوئیں تھیں" ایک انجان لڑکی انکے لیے اتنا پریشان ہو رہی تھی انکے لیے لڑ بھی گئی۔۔۔۔

ہاں بیٹا ٹھیک ہوں میں بس تھوڑی موچ آگئی ہے! پتا نہیں کیسے پیر مڑ گیا اور پھر یہ سب ہو گیا"۔۔۔ عرفہ" شاہ مسکرا کر بولیں۔۔۔

انٹی پیر میں تو کافی چوٹ آئی ہے آپ ادھر آئیں میں دیکھتی ہوں کیسے ٹھیک کرنا ہے" وہ پریشانی سے انکا" پیر دیکھ کے بولی اور انکو وہاں موجود ٹیبل میں بیٹھا دیا۔۔۔

بیٹا تمہارا نام کیا ہے" عرفہ شاہ نے پوچھا تھا۔۔۔"

جی ثانیہ نام ہے" وہ انکا پیر دیکھ رہی تھی.۔۔۔"

انٹی میں تھوڑا آپکا پیر ہلاؤ نگی آپ کو تھوڑی سی تکلیف برداشت کرنی ہو گی" وہ عرفہ شاہ سے بولی تھی۔۔۔"

آہ۔۔۔ عرفہ شاہ درد سے چیخی تھیں اور اپنا پیر کھینچا تھا۔۔۔"

ثانیہ نے انکا پیر ایک دم سے کھینچا تھا۔۔۔"

سوری انٹی آپ کو میری وجہ سے تکلیف ہوئی اب آپ دیکھیں آپکا پیر ٹھیک ہوا کے نہیں" وہ انکے پیر" چھوڑتے ہوئے اٹھی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ارے واہ سچ میں ٹھیک ہو گیا" عرفہ شاہ اٹھ کر تھوڑی چلیں تو حیران اور خوشی کے ملے جلے تصورات" کے ساتھ بولیں کیوں کے درد بلکل ختم ہو چکا تھا پتا ہی نہیں چل رہا تھا انکے پیر میں کبھی موچ بھی آئ تھی۔۔۔

ثانیہ مسکرائی تھی۔۔۔

بیٹا تم کس کے ساتھ آئ ہو" عرفہ شاہ نے پوچھا تھا۔۔"

جی میں اپنی امی اور بھائی کے ساتھ آئ ہوں"۔۔۔"

اچھا تمہاری امی سے تو ملواؤ مجھے میں بھی دیکھوں اتنی پیاری سی بچی کی امی کیسی ہیں" عرفہ شاہ مسکرا کر" بولیں تھیں۔

آے میں آپ کو ماما سے ملواتی ہوں" وہ انھیں عقیلہ درانی کے پاس لے گئی۔۔۔۔"

یہ کس کو تم نے انوائٹ کیا ہے نیشا! آج تمہاری وجہ سے شرمندگی کا سامنے کرنا پڑ رہا ہے میں عرفہ کو کیا" "جواب دو نگی عرفہ کیا بولے گی میرے گیسٹ اتنے بتمیز ہیں؟

صفیہ لغاری غصّے سے نیشا کو ڈانٹ کر بولی تھیں۔۔۔

موم مجھے کیا پتا تھا یہ سب ہو جاۓ گا یہ تحریم بھی۔۔۔ موم میں عرفہ انٹی سے معافی مانگ لو نگی تحریم کی" طرف سے" نیشا شرمندگی سے بولی تھی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تمھیں کیوں مانگنے کی ضرورت ہے اس لڑکی کو معافی مانگنے بولو کیا نام ہے اسکا؟؟؟"

صفیہ لغاری بولیں تھیں۔۔۔

تحریم احمد! بٹ موم وہ نہیں مانگے گی حد سے زیادہ نک چھڑی ہے بیحد مغرور کسی کو اپنے خاطر میں نہیں لاتی اسے بولنا دیوار سے سر ٹکرانے کے متعرف ہے وہ میری بھی انسلٹ کر دے گی میں اسے نہیں بول سکتی موم"

نیشا خفت سے بولی تھی۔۔۔

تو ایسی لڑکی کو دوست کیوں بنایا ہے تم نے" صفیہ لغاری ڈپٹ کر بولیں تھیں۔۔۔"

موم وہ میری فرینڈ نہیں ہے ہے کالج فرینڈ ہے میں نے اسے ایسے ہی انوائٹ کیا تھا مجھے نہیں پتا تھا وہ آجائے گی"

وہ شرمندہ سی بولی تھی۔۔

ھمم۔۔۔اوکے تم عرفہ سے بات کرلو اور انکو بتادینا تمہاری کالج فرینڈ تھی وہ لڑکی" صفیہ شاہ اسے سمجھاتے ہوئے بولیں تھیں۔۔۔

ٹھیک ہے" نیشا بول کے عرفہ شاہ کے پاس چلی گئی۔۔۔"

***

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ واشروم بھی ناجانے کدھر ہے اتنا اچھا اور مہنگا سوٹ پہنا تھا خراب کر دیا" تحریم خود سے بڑبڑا کر چل رہی تھی۔۔۔

سامنے سے آتے بندے سے ٹکرا گئی۔۔۔

پاگل ہو گئے ہو کیا دیکھ کے نہیں چل سکتے کیا" تحریم نے غصّے سے بول کر مقابل کو دیکھا تھا اسکا حلق تک کڑوا ہو گیا تھا۔ یہ وہی مال والا شخص تھا جسکی نینا نے مدد کری تھی۔۔۔

مجھے لگتا ہے میں نہیں آپ اندھی ہو گئی ہیں جو ہر بار مجھسے ہی ٹکراتی ہیں کہی آپ کو مجھسے پیار تو نہیں ہو گیا"

"؟اسلیے آپ جان بوجھ کے مجسے ٹکراتی ہیں

زید پہلے اسے دیکھ کے حیران ہوا تھا پھر ایک دم مذاق سوجھا تھا تحریم کو دیکھ کے شرارت سے بولا تھا۔۔۔

آر یو میڈ؟؟" پیار وہ بھی تم سے سیریسلی؟" اپنی شکل جا کے آئینے میں ایک دفع غور سے دیکھو شکل سے چڑ سی لگتے ہو" تحریم تمخسر اڑاتی ہوئی بولی تھی۔

تم میری شکل پہ کمینٹ پاس کر رہی ہو خود کی شکل دیکھی ماسٹر پینٹ کیا ہوا ہے جو ہزار ازاروں سے بھی خروچہ جائے تو نہ ہٹے" زید بلبلا کر تحریم کے میک اپ زدہ چہرے پے چوٹ کرتے ہوئے بولا۔۔۔

تمہاری ہمّت کیسے ہوئی مجھے یہ سب بولنے کی" تحریم کا غصّے سے برا حال ہوا تھا پٹاخ سے جواب دیتے ہوئے" بولی۔۔۔

جیسے تمہاری ہمّت ہوئی مجھ پے کمینٹ کرنے کی" وہ دو بدو بولا تھا۔۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یووو۔۔۔"تحریم غصّے سے بولنے ہی لگی تھی وقاص کی کال آگئی تھی۔۔۔"

کیا یووو۔۔۔"وہ چڑاتے ہوئے بولا تھا۔۔۔"

تمہیں تو میں بعد میں دیکھ لونگی"وہ کال اٹینڈ کرتے ہوئے وہاں سے چلی گئی تھی۔۔۔"

شیرنی"زید نے اپنا ہاتھ دل پے رکھا تھا مسکراتے ہوئے آہ بھر کے بولا تھا۔۔۔ "

اسے وہ نکھچڑی سی لڑکی اچھی لگی تھی۔۔۔

***

السلام علیکم"عقیلہ درانی میز پہ بیٹھے ہوئے لوگوں کو دیکھ رہی تھیں وہ پارٹی میں ہوئے بدمزگی سے بے خبر" تھیں۔۔۔

سلام کرنے والی کی طرف دیکھا تھا انہوں نے۔۔۔

وعلیکم السلام"انہوں نے سوالیہ نظروں سے ثانیہ کو دیکھا تھا جسکے ساتھ ایک خوبصورت سی لیڈی کھڑی" تھیں جو انکے عمر کے برابر تھیں۔۔۔

جی میں عرفہ شاہ۔۔۔بہروز شاہ کی مسز"عرفہ شاہ نے اپنا تعرف کروایا تھا۔۔"

عقیلہ درانی انھیں پہچان گئیں تھیں ماضی میں بہروز شاہ سے انکی اچھی انڈراسٹینڈنگ رہی تھی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اوہ آپ کیسی ہیں "عقیلہ درانی انکا حال چال پوچھنے لگیں تھیں۔"

اللہ کا شکر سے ٹھیک ہوں آپ کیسی ہیں "عرفہ شاہ نے پوچھا تھا ثانیہ انکے ساتھ بیٹھ گئی تھی۔۔۔"

میں بھی ٹھیک ہوں "انہوں نے جواب دیا تھا۔"

آپ کے بچے کتنے ہیں "ادھر ادھر کی باتوں کے بعد عقیلہ بیگم نے پوچھا تھا۔۔۔"

ماشاءاللہ سے ایک ہی بیٹا ہے وقاص پڑھائی پوری کرنے کے بعد آفس جانے لگا ہے بہروز کے ساتھ "عرف شاہ جواب دیا تھا

ماشاءاللہ ماشاللہ ابھی کہاں ہے بہروز صاحب اور آپکا بیٹا بھی آیا ہے کیا "عقیلہ درانی نے پوچھا تھا۔"

نہیں وہ دونوں آفس میں ہیں۔۔۔اور آپ کے کتنے بچے ہیں "عرفہ شاہ نے پوچھا تھا۔۔"

جی میرے ماشاءاللہ سے ایک ہی بیٹی ہے ثانیہ اور ایک بیٹا ہے زید میرے جیٹھ کے بیٹے ہیں جیٹھ جٹھانی اور شوہر کے انتقال کے بعد میں نے ہی پالا ہے وہی اب سمبھالتا ہے ہمیں "وہ انکو تفصیل سے بتانے لگیں تھیں۔۔

ماشاءاللہ آپ نے بیٹی کی اچھی تربیت کی ہیں بہت سویٹ ہے اللہ خوش رکھے "عرفہ شاہ پیار سے ثانیہ کی طرف مسکرا کر بولیں تھیں ثانیہ جھینپ گئی تھی۔۔۔

دونوں کی اچھی جان پہچان ہو گئی تھی عرفہ شاہ نے جاتے ٹائم اپنا اڈریس اور اپنے گھر بھی آنے کی دعوت بھی دی تھی انکو یہ بیزرر سی چھوٹی سی فیملی اچھی لگی تھیں۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

***

وقاص میں پہلے ڈیڈ اور موم سے بات کرتی ہوں پھر تم اپنے پرینٹس کو بھیجنا" وہ موبائل کان سے لگاتے ہوئے بولی۔۔۔

مطلب تم نے ابھی ان سے بات نہیں کی" وقاص نے پوچھا تھا۔۔۔"

ہاں سہی وقت کا انتظار کر رہی تھی" وقاص نے اسے بتایا کے اسکے گھر والے مان گئے ہے رشتے کے لیے وہ ایک ہفتے کے اندر اپنے ماں باپ کو تحریم کے گھر بھیجنا چاہتا تھا۔۔۔۔

ٹھیک ہے تم مجھے بتا دینا وہ کیا کہتے ہیں میں ذرا ہاتھ لے لوں واپس آ کے بات کرتا ہوں" وقاص ابھی آفس سے گھر آیا تھا۔۔۔

ٹھیک ہے جان" تحریم مسکرا کر بولی تھی اسکا موڈ ٹھیک ہو چکا تھا۔۔۔"

اسنے فون بند کر کے ملازم کو بلایا تھا اسے واشروم کا پتا بتانے کے لیے۔۔

"ماما مجھے اپنی اور پاپا کے لو وسٹوری کے بارے میں بتاۓ نہ کیسے آپ لوگ ملے"

ثانیہ اس وقت عقیلہ درانی کے روم میں بیٹھی انکے پیر دباتی ہوئی بولی تھی۔۔۔

ہاہاہا کیوں سننا ہے تمہیں" عقیلہ درانی ہنس کر بولیں۔۔۔"

بس سننا ہے نا جلدی سنایں" وہ ضد کرتے ہوئے بولی تھی۔"

"تم بھی بہت ضدی ہو اپنے باپ کی طرح بات نہیں مانتی"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عقیلہ درانی اسے گھور کر بولیں تھیں۔

اچھااب بتائیے نہ ماما" وہ دانت دکھاتے ہوئے بولی۔"

"تمہارے پاپااور میں کالج میں ملے تھے میرا پہلا دن تھا میں کالج میں گئی اور مجھے اپنے ڈپارمینٹ کا نہیں معلوم تھا میں ڈپارمینٹ ڈھونڈرہی تھی کچھ شرارتی لڑکیوں نے مجھے بوائزڈپارمینٹ میں بھیج دیا پھر۔۔۔۔۔۔

عقیلہ درانی اپنی جوانی کے دن یاد کرتے ہوئیں بولیں تھیں۔

پھر کیا ہواماما" وہ اکسائیٹڈ ہو کے بولی تھی۔"

"پھر جب میں وہاں گئی تو کچھ لڑکوں نے میرے ساتھ بتمیزی شروع کردی تھی پھر تمہارے پاپا آگیے اور انہوں نے ان لڑکوں سے ہتاپائی کرلی۔

عقیلہ بیتے دنوں کو یاد کررہی تھیں۔

پھر؟؟؟"ثانیہ بیتابی سے پوچھنے لگی۔"

عقیلہ اسکی بیتابی دیکھ کر مسکرائیں۔۔۔۔

"پھر میں نے تمہارے پاپا کو تھینکس کہا انہوں نے پوچھا ادھر کچھ کام تھا؟ میں نے کہاہاں میں اپنا دیپارمینٹ ڈھونڈرہی تھی پھرانہوں نے میری ہیلپ کی پھر ہماری دوستی ہوگئی اور ہم روز ملنے لگے پھر آہستہ آہستہ پیار ہونے لگا"

وہ مسکرا کر بتاتے ہوئے بولیں تھیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Rulata Hai | By Sadiya Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اچھاماما پہلے یہ بتائے کے پرپوز کس نے کیا تھا پہلے آپ نے یا پاپا نے "اسنے پوچھا تھا۔۔۔"

تمہارے پاپا نے "انہوں نے جواب دیا تھا۔"

لیکن کیسے یہ تو بتائے "وہ پھر سے بول پڑی۔"

انہوں نے مجھے کالج گرونڈ میں پرپوز کیا تھا پھر میں نے دو دن بعد سوچ کر ایکسپٹ کر لی اور پھر میری" پڑھائی کمپلیٹ ہو گئی۔

ہم اکثر باہر ملنے لگے تھے اور تمہارے پاپا آگے پڑھ رہے تھے اور میں گھر میں ہوتی تھی۔

پھر تمہارے پاپا نے پڑھائی کے بعد آفس سمبھالا تو رشتہ بھیجا اور میں نے گھر والوں کو بھی منالیا پھر تمہارے دادا لوگ مجھے دیکھنے آئے انہوں نے مجھے پسند کر لیا پھر شادی ہو گئی۔

مشکل سے چار سال ہی تمہارے پاپا کے ساتھ گزارا تھا میں نے بہت خوبصورت وقت تھا نجانے ہماری خوشیوں کو کس کی نظر لگ گئی اور وہ حادثہ ہو گیا۔۔۔

عقیلہ بیگم کی آنکھیں بولتے بولتے نم ہو گئی تھی۔۔۔

***

"کیا کروں اندر جاؤں کے نہیں ڈر بھی لگ رہا ہے کہی موم ڈیڈ نے منع کر دیا تو"

وہ اس وقت شاہنواز اور فرحین کے بیڈروم کے باہر کھڑی سوچ رہی تھی۔۔

اندر جائے کہ نہیں رشتے کی بات کرنے کے لیئے وہ لاکھ بولڈ اور نڈر سہی پر اس ٹائم ڈر رہی تھی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بلا آخر اسنے دروازے میں نوک کی شاہنواز اور فرحین ٹی وی دیکھ رہے تھے آواز پے انہوں نے اندر آنے کی اجازت دی تھی۔۔۔

"آہاااا آج میری بیٹی آئی ہے"

شاہنواز بہت خوش ہوئے تھے تحریم کو دیکھ کے اور اسے اپنے پاس بیٹھنے کی جگا دی تھی۔۔۔

ڈیڈ "وہ کشمکش سے بولی تھی۔۔"

ہاں بولو بیٹا" شاہنواز مسکرایا تھا۔۔۔"

ڈیڈ میں آپ سے کچھ مانگوں گی تو دینگے آپ" اسنے شاہنواز سے پوچھا تھا۔۔۔"

"ہاں بیٹا ضرور میں نے کبھی ایسا کیا ہے تم نے مانگا ہو اور میں نے نہ دیا ہو"

شاہنواز مسکرا کر بولا تھا۔۔۔

نہیں" وہ آہستہ سے بولی۔"

تو پھر؟؟؟" شاہنواز مسکرائے۔۔۔۔"

"ڈیڈ میں کسی کو پسند کرتی ہوں اور اس سے شادی کرنا چاہتی ہوں"

تحریم بغیر رکے بولی اور شاہنواز کی طرف ڈرتے ہوئے دیکھا تھا۔۔۔

شاہنواز اور فرحین حیرت سے کچھ دیر بول ہی نہ پائے۔۔۔

میری بیٹی اتنی بڑی کب ہوگئی کہ وہ اپنی پسند سے شادی کرنا چاہ ہے؟" فرحین نے جواب دیا تھا۔۔۔"

تحریم نے سر جھکایا تھا۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ ایک بار اس سے مل لیں بہت اچھا ہے ڈیڈ آپ کو پسند آئے گا" وہ آہستگی سے بولی تھی۔۔۔"

کون ہے وہ جو میری بیٹی کو پسند آگیا ہے؟" شاہنواز نے سنجیدگی سے پوچھا تھا۔۔۔"

وقاص احمد" تحریم نے جواب دیا تھا۔۔۔"

کیا کرتا ہے وہ" شاہنواز نے پھر پوچھا تھا۔۔۔"

جی اپنے پاپا کے ساتھ کام کرتا ہے انکی کمپنی میں اور۔۔۔۔۔۔" وہ انھیں تفصیل سے بتانے لگی۔"

ٹھیک ہے جیسی تمہاری مرضی اسے ایک بار مجھ سے ملنے بولو پھر مجھے ٹھیک لگا تو اسکے گھر والوں کو انوائٹ "

کرونگا"

شاہنواز احمد نے مسکرا کر جواب دیا تھا فرحین نے حیرانی سے انھیں دیکھا تھا۔

شاہ آپ۔۔۔۔فرحین میری بیٹی نے اتنے دل سے مانگا ہے ہمارا حق بنتا ہے اسے ہم دیں ویسے بھی کوئی "

قباحت نہیں لڑکے کو دیکھ کے ہی بات آگے بڑھاونگا"

شاہنواز نے فرحین کی بات کاٹ کر جواب دیا تھا۔۔۔

اوہ تھینک یو پاپا مجھے پتا تھا آپ منع نہیں کرینگے"

تحریم نے خوشی سے شاہنواز کو ہگ کیا تھا۔۔۔

بس بس بیٹا" شاہنواز اور فرحین مسکراہٹ دبا کر بولے تھے۔۔۔"

وہ مسکراتی ہوئی اپنے روم میں چلی گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Rulata Hai | By Sadiya Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

***

جانی موم ڈیڈ مان گ ئے ہیں شادی کے لیے" وہ اس وقت اپنے روم میں وقاص سے کال میں بات کر رہی تھی۔

تم سچ کہہ رہی ہو؟" دوسری طرف سے آواز آئی تھی۔

ہاں سچی مچی" تحریم کے ہونٹوں سے مسکراہٹ نہیں ہٹ رہی تھی۔"

اور ڈیڈ چاہتے ہیں تم ملوان سے" تحریم مزید بولی۔"

ہاں ملنا تو پڑھے گا" وہ مسکرا کر بولا تھا۔"

اور میرے فیوچر ہسبینڈ نے کھانا کھایا؟" وہ پوچھتے ہوئے بولی۔"

ہاں میری جان کھایا" وقاص نے بتایا تھا۔"

وہ بات کرتے کرتے بالکونی میں چلی آئی

ٹھنڈی ٹھنڈی ہوائیں اسکا موڈ اور خوش گوار کر رہا تھا ہاتھ سے موبائل پکڑے کان میں لگا کر بات کر رہی تھی۔۔۔

میری جان کا دن کیسا گزرا؟" وقاص نے پوچھا تھا۔۔۔"

اچھا تھا کافی۔۔۔اور تمہارا کیسا تھا؟" وہ جواب دیتے ہوئے بولی۔۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میری جان میرا ابھی اچھا رہا۔۔۔پر میرا ابھی دل کر رہا ہے میں اڑ کر تمہارے پاس آؤں" وہ رومینٹک" ہوتے ہوئے بولا تھا۔۔

اچھا کس لیے؟" وہ شرمیلی مسکراہٹ سے پوچھنے لگی۔۔۔"

کیوں کے میرا دل کر رہا ہے" وہ شرارت سے بولا۔"

اچھا جی تو آجایئے میں نے تو منعا نہیں کرا" وہ دوبدو مسکرا کر بولی۔"

تم مجھے منعا بھی نہیں کر سکتی ورنہ جان نکال لونگا تمہاری" وہ دھونس سے بولا۔"

"ہاہاہا رئیلی اپنی جان کی جان نکال دو گے؟"

وہ ہنستے ہوئے بولی تھی۔۔۔

تحریم کہی سے بھی وہ نک چڑی لڑکی نہیں لگ رہی تھی۔۔۔سچ کہتے ہیں محبت اچھے اچھوں کو بھی گھٹنے ٹیک دینے پر مجبور کر دیتی ہے۔۔۔۔۔

دونوں مستقبل کے حسین خوابوں میں کھوگئے تھے۔۔۔

***

انکل آپ گرم لینگے کہ ٹھنڈا؟" زید نے سامنے بیٹھے شخص سے پوچھا تھا۔"

اس سب کی کیا ضرورت ہے بیٹا" انہونے تکلف سے کہا تھا۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ضرورت ہے آپ میرے پاپا کے دوست ہیں اور پہلی دفع مجھسے ملنے آئے ہیں اور میرا فرض ہے آپ کو" شکایت کا موقع نا دوں" وہ مسکرا کر بولا۔

ہاہاہا اچھا پھر ٹھنڈا ہی منگا لو" شاہنواز احمد ہنستے ہوئے بولے تھے۔"

ندیم! سر کے لیے کولڈ ڈرنک لے آو اور کچھ کھانے کو بھی لے آنا"۔۔۔"

وہ اپنے سیکٹری کو آرڈر دیتے ہوئے بولا۔۔۔

***

آج کیسے آنا ہوا آپکا اور ہمارا پتا کیسے ملے آپ کو" زید نے ان سے پوچھا تھا۔"

بس اچانک یاد آ گیا تھا حال چال پوچھنے چلا آیا اور تمہیں ڈھونڈنا کون سا مشکل تھا تمہاری کمپنی بہت فیمس" ہے سو پتا چل گیا"

شاہنواز نے جواب دیا تھا۔

اچھا!" اتنے میں سیکٹری کھانے کے لوازمات لئے آیا تھا۔"

"اور ثناء و عقیلہ کیسی ہیں اور چھوٹی سی منی تھی اک کیا نام تھا؟۔۔۔"

انہوں نے پھر پوچھا تھا۔

ثانیہ" زید نے مسکرا کر جواب دیا تھا۔"

ہاں وہ کیسی ہے" انہوں نے پوچھا تھا۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جی وہ بھی ٹھیک ہے" اسنے بتایا تھا۔"

"اور تمہاری کمپنی کی حالت کیسی جارہی ہے سنا ہے کافی ترقی کر رہے ہو"

شاہنواز نے پھر پوچھا تھا۔

جی اللہ کا شکر ہے" وہ مسکرایا تھا۔"

اور انٹی کیسی ہیں" زید نے پوچھا تھا۔"

ہاں وہ بھی ٹھیک ہے ویسے میری ایک بیٹی ہے آج کل اسکے لیے رشتہ ڈھونڈھ رہا ہوں ایک لڑکا پسند آیا"

"ہے مجھے بس اسکے بارے میں انفارمیشن نکالنی ہے کچھ

انہوں نے مزید بتایا تھا۔

اوہ تو پھر میں آپ کی ہیلپ کروں اگر آپ چاہو تو!!۔۔۔اس نے پوچھا تھا۔"

نہیں میں نکال لونگا تم پریشان مت ہو" شہنواز نے جواب دیا تھا۔ "

اچھا جیسی آپ کی مرضی" اسنے مختصر جواب دیا۔"

ویسے بہروز شاہ کے بیٹے سے کبھی ملے ہو تم؟" شاہنواز نے پیسٹری اٹھاتے ہوئے پوچھا تھا۔"

نہیں اس سے تو نہیں ہوئی پر بہروز شاہ سے کافی بار ملاقات ہو چکی ہے" اسنے بتایا تھا۔۔"

کیسا شخص ہے عادت وغیرہ میں" انہوں نے پھر پوچھا تھا۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کافی اچھے ہیں اور بہت انٹیلیجنٹ مین ہیں سوسائیٹی میں انکی بہت عزت ہے" اسنے تفصیل سے جواب دیا" تھا۔

اچھا" شاہنواز نے ہنکارہ بھرا تھا۔"

ویسے آپ کس لیے پوچھ رہے ہیں" زید نے پوچھا تھا۔"

بس ویسے ہی" انہوں نے جواب دیا تھا۔"

اور آپ کی بزنس کیسی جارہی ہے" زید نے مزید اس ٹوپک پے بات کرنا مناسب نا سمجھا اور بات بدل کر" پوچھا تھا۔۔۔

اچھی جارہی ہے" انہوں نے جواب دیا۔"

یار کبھی بھابی اور ثانیہ کو گھر لے آنا مجھے بہت خوشی ہوگی"۔شہنواز نے پھر سے کہا تھا۔"

جی انشاءاللہ جلد ہی" وہ مسکرایا۔"

آپ بھی آئے گا ہمارے گھر چچی خوش ہونگی" اسنے انکوں بھی انوائٹ کیا تھا۔"

تم بلکل ٹینشن مت لو ہم آجائے گے" شاہنواز ہنس کر بولا۔"

برخوردار کچھ باتیں ہو جائے بزنس کی؟" وہ مسکراتے ہوئے بولے۔"

وائے نوٹ" زید ہنس کر بولا تھا۔"

دونوں بزنس کے بارے میں بات کرنے لگے تھے۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

***

اکرام۔۔۔اکرام۔۔"وقاص نے ملازم کو آواز دی تھی۔وہ آفس سے آیا تھا اسکو عرفہ شاہ سے بات کرنی تھی تحریم کے پیرنٹس کے بارے میں وہ عرفہ شاہ کے روم میں گیا تھا لیکن عرفہ شاہ اپنے روم میں نہیں تھیں۔

پھر اسنے ملازم کو آواز دی تھی۔

جی صاحب جی "اکرم بھاگا بھاگا آیا تھا۔"

ماما کدھر ہیں نظر نہیں آرہی ہیں نا اپنے روم میں ہیں "اسنے پوچھا تھا۔"

جی عرفہ میڈم شاپنگ کرنے گئیں ہیں انہوں نے کہا تھا آپکے اور بڑے صاحب جی کے آنے سے پہلے " آجائینگی پر پتا نہیں ابھی تک کیوں نہیں آئیں "اکرام نے بتایا تھا۔

"اچھا۔۔ایسا کرو میرے لیے کھانا لگا دو بہت بھوک لگی ہے میں تب تک فریش ہو کے آتا ہوں"

وہ کہتے ہوئے اوپر چلا گیا جہاں اسکا اپنا روم تھا۔

***

مشل تم کہتی تھی نا وقاص میرے ساتھ ٹائم پاس کررہا ہے "تحریم مشل سے بولی۔"

ہاں تو؟"مشل نے پوچھا تھا۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Rulata Hai | By Sadiya Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تو یہ کے اسنے اپنے پیرنٹس کو منالیا اور میں نے بہ ڈیڈ سے بات کر لی ڈیڈ نے کہا ہے وہ وقاص سے ملنے کے " بعد بات اگے بڑھائینگے "وہ تفصیل بتاتے ہوئے بولی تھی۔

تم سچ کہہ رہی ہو؟ "مشل نے حیران ہو کے پوچھا تھا۔"

ہاں یار جھوٹ کیوں بولو نگی میں "تحریم مسکراتے ہوئے بولی۔"

دونوں یونیورسٹی گراؤنڈ میں بیٹھے تھے۔

چلو یہ تو خوشی کی بات ہے چلو اس خوشی میں کچھ کھانے چلتے ہیں۔"

مشل بولتے ہوئے اسے کینٹن میں لیگئی۔

***

"ویسے آج کھانا بہت لذیز بنا موم نے پکا یا مینا؟"

وقاص ڈائینگ ٹیبل میں بیٹھا تھا چکن جل فریزی کھاتے ہوئے اکرام سے پوچھا تھا۔

جی انھوں نے ہی پکا یا ہے "اکرام نے جواب دیا۔"

السلام علیکم بیٹا "عرفہ شاپنگ بیگ ہاتھ میں پکڑے آئی تھیں۔"

"وعلیکم اسّلام آپ آ گئیں مجھے آپسے کچھ باتیں کرنی تھی"

وقاص کھانا کھا چکا تھا عرفہ شاہ کے پاس بیٹھ کے بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بولو" عرفہ نے جواب دیا تھا۔"

موم تحریم کے ڈیڈ مجھسے ملنا چاہتے ہیں" اسنے بتایا تھا۔"

تو مل لو" انہوں نے کہا تھا۔"

پر موم مجھے تھوڑی تیاری کروا دیں کے سسر سے کیسے بات کرتے ہیں وہ کیا پوچھینگے ای ٹی سی۔۔۔"

وہ سر کھجاتے ہوئے بولا۔

ہاہاہا مجھسے کیوں پوچھ رہے ہو اپنے پاپا سے پوچھنا انکو بہتر پتا ہوگا وہ تمہارے نانا سے ملے تھے انکو ٹھیک سے پتا "ہوگا

عرفہ شاہ ہنستے ہوئیں بولی تھیں۔

"ٹھیک ہے پاپا آئینگے تو پوچھوں گا۔۔۔ ویسے آپ کیا لیکر آئی ہیں مجھے بھی دیکھائے"

وہ عرفہ شاہ سے بولتے ہوئے شاپنگ دیکھنے لگا تھا۔۔۔

*

"ماما مجھے کچھ شاپنگ کرنی ہے کچھ پیسے چاہئے"

ثانیہ نے عقیلہ بیگم سے کہا تھا۔

"کیوں کرنی ہے پھر سے شاپنگ پچھلے ہفتے ہی شاپنگ کرائی تھی تمہیں زید نے"

عقیلہ بیگم نے گھور کر اسے دیکھا تھا۔

ثانیہ کھسیا گئی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں ماما کرائی تو تھی۔۔۔"

پر میں اس ٹائم دوستوں کے ساتھ جانا چاہتی ہوں۔۔۔

بہت وقت ہو گیا سحر لوگوں سے نہیں ملی۔۔۔

تھوڑا ریسٹورانٹ میں کھانا وغیرہ کھائینگے۔۔۔

"شاپنگ کرینگے توڑا ٹائم سپینڈ کرونگی۔۔۔ پلزز ماما جانے دینا!!!

وہ ضد کر کے بولی تھی۔

ٹھیک ہے یہ کریڈٹ کارڈ رکھلو۔۔۔"

کارڈ دینے کا مطلب یہ نہیں کہ۔۔۔

اکاؤنٹ خالی کر کے آؤ۔۔۔

"دیہان سے خرچہ کرنا

...عقیلہ بیگم ہر چیز میں پسیسف تھیں

...اب بھی گھور ہوئے بولی تھیں

کیوں کے ثانیہ شاپنگ کی دیوانی تھی۔

ماما آپ بھی نا بہت کنجوس ہیں" وہ نروٹھے پن سے بولی تھی۔"

"جو بولا ہے کروزیادہ مت بولو ورنہ جانے نہیں دونگی"

عقیلہ درانی اسکوڈراتی ہوئی بولی تھیں۔

وہ برے برے منہ بناتے ہوئے اپنے دوستوں کو کال کرنے لگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

***

موم کل پرسوں تک آپ لوگ تحریم کے گھر جائیگا۔۔۔"

اسکی فیملی مان چکے ہیں۔۔۔

اور تحریم کے فادر آے تھے۔۔۔

آفس میں کل !۔۔۔

آج انہوں نے میسج کیا ہے۔۔۔

رشتہ منظور ہے۔۔۔

"ڈیڈ نے نہیں بتایا کیا آپ کو؟

وقاص نے تفصیل سے بتاتے ہوئے پوچھا تھا۔

نہیں تمہارے ڈیڈ نے تو مجھے کچھ بھی "

نہیں بتایا۔۔۔

تم دونوں باپ بیٹے مجھسے پوچھے بغیر کیا کیا کر رہے ہو۔۔۔

"مجھے بتانا پسند کرو گے؟

عرفہ شاہ بہروز شاہ کی طرف گھور کر بولیں تھیں۔

ارے بیگم بھول گیا تھا بس" بہروز شاہ کھسیا کر بولے تھے۔"

اتنی امپورٹنٹ بات تھی اور آپ بھول گۓ" وہ ناراضگی سے بولی تھیں۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اچھا معاف کر دیں مجھے "بہروز شاہ ہاتھ جوڑ کر بولے۔"

رہنے دیں بس "عرفہ شاہ منہ پھیرتے ہوئے بولی تھیں۔"

موم ڈیڈ میری بات پے بھی ذرا غور کر لیں "وقاص دونوں کو دیکھتے ہوئے بولا تھا۔"

ہاں بیٹا سن رہے ہیں کل ہی جائینگے انکے گھر "عرفہ شاہ اسکی طرف دیکھتے ہوئیں بولی تھیں۔"

جی موم "وہ مسکراتے ہوئے بولا۔"

"بھئی تمہارے بیٹے کے دانت تو دیکھو اندر ہی نہیں گھس رہے"

بہروز شاہ وقاص کے روشن چہرے کو دیکھکر شرارت سے بولے تھے۔

موم دیکھیں ناڈیڈ کو "وہ ناراض ہو کے عرفہ شاہ کو شکایت لگاتے ہوئے بولا تھا۔"

بہروز میرے بیٹے کو تنگ مت کرے ٹھیک ہے نا "عرفہ شاہ انکو آنکھیں دکھاتے ہوئے بولی تھیں۔"

میں کہا تنگ کر رہا ہوں بس خوشی ہو رہی ہے کچھ دنو میں میں سسر کے عہدہ پے فائز ہو جاؤنگا "بہروز شاہ مسکرا کر بولے تھے۔

اچھا موم میں تھوڑا باہر جارہا ہوں تھوڑی دیر میں آونگا "وقاص کہتے ہوئے اٹھا۔"

ٹھیک ہے جاؤ اور جلدی آجانا کل کے لیے تھوڑی تیاری کرنی ہے تمہارے ساتھ "عرفہ شاہ نے جواب دیا تھا۔

جی آجاونگا "وہ گاڑی کی چابی اٹھاتے ہوئے باہر چلا گیا۔"

اللہ خوش رکھے میرے بیٹے کو کبھی اسکے ہونٹوں سے مسکراہٹ جدا نا ہو "بہروز شاہ نے دعا دی تھی۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امین"عرفہ شاہ مسکرا کر بولیں۔"

بس بہو بھی اچھی ہو خیال رکھنے والی عزت دینے والی"بہروز شاہ نے پھر مسکرا کر کہا تھا۔"

ہاں اللہ کرے ایسا ہی ہو"وہ مسکرا کر بولیں۔"

***

ثانی یہ سوٹ پرپل والا مجھ پر اچھا لگے گا نا"حریم نے اس سے پوچھا تھا۔"

ہاں کافی پیارا ہے اچھا لگے گا تم پر"ثانیہ کے بجائے سحر نے جواب دیا تھا۔"

پھر یہ پیک کروالوں"حریم نے پھر پوچھا۔"

ہاں کروالے اگر تمہیں اچھا لگ رہا ہے تو"ثانیہ نے جواب دیا تھا۔"

سب دوست شاپنگ کرنے آئیں تھیں۔

چلو اب شاپنگ کر لی تو کب سے"

" کئے جارہے ہو دو گھنٹے ہو گئے ہے نکلو اب

سحر سر پے ہاتھ رکھ کر بولی تھی کیوں کے کب سے شاپنگ کر رہے تھے اور ان لوگوں کی شاپنگ ہی ختم نہیں ہو رہی تھی۔

بس تھوڑی سی رہتی ہے مجھے نکلیس لینا ہے"ثانیہ سیٹ دیکھتی ہوئی بولی تھی۔"

اففففف۔۔۔۔"سحر آہ بھر کے رہ گئی۔"

اچھا میرا ہو گیا ریسٹورانٹ چلتے ہیں بھوک بھی لگی ہے"ٹھیک بیس منٹ بعد ثانیہ نے ان سے کہا تھا۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دونوں خنخوار نظروں سے اسے دیکھ رہی تھیں۔

کیا ہوا ایسے کیوں دیکھ رہی ہو مجھے "وہ حیران ہو کے بولی۔"

"تمہیں اب خیال آرہا ہے کے بھوک بھی لگتی ہے اور ہم آدھے گھنٹے سے بھوک سے نڈھال ہو رہے ہیں"

سحر غصّے سے بولی۔

"ہاں اب فری ہو گئی تو چلتے ہیں"

وہ لاپرواہی سے چلتے ہوئے شاپ سے نکلی تھی اور اندر داخل ہوتے شخص سے ٹکرائی تھی۔

افففف میرا سر "ثانیہ اپنا سر سہلاتے ہوئے اس شخص کی طرف دیکھا تھا۔۔۔"

اور مقابل کی خوبصورتی دیکھ کے دنگ رہ گئی تھی۔۔۔۔

نیلی نیلی آنکھیں۔۔۔

سفید رنگت۔۔۔

سٹائل سے کٹے ہوئے بال، بئیرڈ۔۔۔

وہ مبہوت ہو گئی تھی۔۔۔

سوری میں ذرا جلدی میں تھا "وہ بولتے ہوئے اندر چلا گیا تھا۔"

"چلو اب بھوک لگ رہی ہے قسم سے"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ابھی تک اس شخص کے خیالوں میں کھوئی ہوئی تھی۔۔۔

حریم اسے کھینچتے ہوئے لے گئی تھی۔۔۔

اور وہ کسی پتنگ کی طرح کھینچتی چلی گئی تھی۔۔۔۔

***

میری جان کل موم اور ڈیڈ آرہے ہیں تمہارے گھر "وہ تحریم سے بولا تھا۔"

سچ وقاص "وہ فرطِ جذبات سے اسکے سینے سے لگی تھی۔"

ہاں میری جان "اسنے اسکے گرد ہاتھ رکھا تھا۔۔۔"

تم بھی آؤ گے ؟"تحریم نے پوچھا تھا۔"

نہیں میں نہیں آؤنگا موم نے منع کیا ھے "وہ مسکراتے ہوئے بولا۔۔۔"

کیوں "وہ منہ بناتے ہوئے پوچھنے لگی تھی۔"

کیوں کے اچھا نہیں لگتا موم کو کے میں ابھی جاؤ اسلیے "اسنے رسانیت سے جواب دیا تھا۔"

ہمممم۔۔۔ٹھیک ھے "تحریم چپ ہوگئی تھی۔"

"یہ میں تمہارے لیے لایا ہوں دیکھو کیسا ھے"

وقاص نے خوبصورت سی رنگ اسکی انگلی میں پہناتے ہوئے بولا تھا۔۔۔

"بہت خوبصورت ھے"

وہ اپنے ہاتھ میں انگوٹھی دیکھتے ہوئے بولی تھی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہارٹ شیپ رنگ تھی۔۔۔

جس میں چھوٹے چھوٹے نگ جگمگا رہے تھے۔۔۔

"یہ تمہارے شرٹ پے کیا لگا ھے"

تحریم اسکے شرٹ پے لگے لال دھبّے کو ہاتھ سے چیک کرتے ہوئے بولی۔۔۔

وقاص نے اپنی شرٹ دیکھی تھی جہاں ریڈ لپسٹک لگی تھی۔

ارے یار میں جب رِنگ لینے شاپ پے گیا تھا۔۔۔تو ایک لڑکی سے ٹکرا گیا تھا۔۔۔"

"شاید اس لڑکی کی لپسٹک لگ گئی ھے

وہ وضاحت دیتے ہوئے بولا تھا۔

یہی بات ھے نا؟؟"تحریم شک کرتے ہوئے بولی۔"

ہاں یہی بات ھے"وہ سنجیدگی سے بولا تھا۔"

ہمممم چلو کچھ آرڈر تو کرے اب"

"

تحریم نے مزید اس ٹوپک پے بات نہیں کی اور بات بدل دی۔۔۔

***

آپ براونی ٹیسٹ کریں نا بہت ٹیسٹی ھے"فرحین احمد عرفہ شاہ سے بولیں تھیں۔"

ہم یہ سب کھا تو لینگے پہلے میری بہو کو تو بلائے"عرفہ شاہ مسکرا کر بولیں۔"

جاؤ سلیم چھوٹی میم کو بلاؤ اتنا انتظار نہیں کرواتے مہمانوں کو"فرحین نے ملازم کو کہا تھا۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جی میم ابھی بولاتا ہوں" سلیم بولتے ہوئے باہر چلا گیا تھا۔"

شاہنواز احمد اور بہروز شاہ پولیٹکس کے بارے میں بات کرنے لگے تھے۔۔۔

اتنے میں تحریم چائے کی ٹرالی گسیٹتے ہوئے اندر داخل ہوئی تھی۔۔۔

"لے جئے تحریم بھی آ گئی"

فرحین احمد مسکرا کر بولی تھیں۔۔۔

خوبصورتی سے میک اپ چہرے میں کیا ہوا تھا۔۔۔

عرفہ شاہ نے تحریم کو دیکھا تھا۔۔۔

اور شاکڈ ہو گئی تھیں۔۔۔

یہی حال تحریم کا تھا۔۔۔

***

"عرفہ آپ ایسے کیوں چپ چاپ اٹھ کے آ گئی تھیں"

بہروز شاہ نے پوچھا تھا کیوں کے وہ لڑکی کو دیکھتے ہی چپ چاپ باہر نکل آئی تھیں۔

_بس ایسے ہی" عرفہ شاہ چلتے ہوئے گاڑی کے پاس رکیں"

"پر کوئی تو وجہ ہو گی نا جو ایسے اٹھ کے آ گئیں"

انہوں نے پھر پوچھا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Rulata Hai | By Sadiya Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بہروز آپ کو یاد ہے۔۔۔"

میں نے ایک لڑکی کے۔۔۔

بارے میں بتایا تھا۔۔۔

جب میں حمدانی کے۔۔۔

پارٹی میں گئی تھی اور۔۔۔

غلطی سے ایک لڑکی سے۔۔۔

ٹکرائی تھی اور جوس اسکے۔۔۔

اوپر گر گیا تھا اور اس لڑکی نے۔۔۔

بھری محفل میں میری۔۔۔

"بے عزتی کی تھی یہ وہی لڑکی ہے

عرفہ شاہ نے تفصیل سے بتایا تھا۔

بھروز شاہ کچھ پل کچھ بول ہی نا پائے۔

"تو آپ خود بتائے میں کیسے اسے اپنی بہو بنالوں"

عرفہ شاہ نے پوچھا تھا۔

عرفہ اسے نہیں پتا تھا کے تم وقاص کی ماں ہو اسلیے۔۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہی تو مین پوائنٹ ہے۔۔۔

اللہ نے اسکی اصلی شکل۔۔۔

پہلے ہی دکھادی اگر فرض کرے۔۔۔

میں اس رشتے کے لیے مان بھی گئی۔۔۔

اور شادی کے بعد وہ ہماری۔۔۔

عزت کریگی کیا گارنٹی ہے۔۔۔

جب وہ کسی انجان کی اتنی۔۔۔

بے عزتی کر سکتی ہے ہماری۔۔۔

خاک عزت کرگی وقاص اسکے۔۔۔

ساتھ خوش نہیں رہ پائے گا۔۔۔

کیوں کے یہ لڑکی بہت منہ پھٹ ہے۔۔۔

اور وقاص کو منہ چلانے والی لڑکیاں۔۔۔ نہیں پسند آپ کو معلوم ہے۔۔۔

اور جتنی مغرور ہے میں نہیں۔۔۔

بتا سکتی شادی کے بعد۔۔۔

تھوڑی تھوڑی باتوں پے۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ماں باپ کے گھر بیٹھ جائے گی۔۔۔

اور اس سب سے وقاص کی۔۔۔

زندگی داؤ پے لگ جائے گی۔۔۔

ہمیں اپنے بیٹے کی زندگی۔۔۔

میں خوشیاں لانی ہے ناکے۔۔۔

کوئی پریشانی بس میں اسے۔۔۔

"اپنی بہو نہیں بنا سکتی

عرفہ شاہ بات ختم کر کے گاڑی میں بیٹھ گئیں تھیں۔

ہمم۔۔۔ٹھیک کہو رہی ہو" بہروز شاہ نے حامی بھری تھی۔"

پر ہم ابھی وقاص کو کیا بتائینگے" بہروز شاہ پریشان ہو کے بولے۔"

میں سمبھال لونگی اسے۔۔۔"

پریشان مت ہوا بھی مجھے۔۔۔

اپنی ایک دوست کے پاس۔۔۔

"جانا ہے آپ بھی چلیں ساتھ

عرفہ شاہ مسکرا کر بولیں بہروز شاہ نے مزید کچھ نہیں بولا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

***

"کیاہوگا اب وقاص کی ممی تو کبھی نہیں مانیگی رشتے کے لیے"

وہ روم میں پریشانی سے چکر کاٹ رہی تھی۔

اوپر سے شاہنواز اور فرحین کی سوالیں۔

"ایسا کرتی ہوں وقاص سے بات کرتی ہوں"

وہ جلدی سے بیڈ پے پڑا موبائل اٹھاتے ہوئے بولی اور نمبر ڈھونڈنے لگی۔

"پرررررر۔۔۔میں اسے بولو نگی کیا"

وہ مایوس ہو کر موبائل بیڈ پے پھینکتے بیٹھی تھی۔

مجھے وقاص سے سامنے۔۔۔"

بیٹھ کر بات کرنی چاہیے۔۔۔

اس طرح میں اسے سمجھا پاؤ نگی۔۔۔

ایسا کرتی ہوں اسکے آفس جاتی ہوں۔۔۔

وہ سرپرائز ہو جائے گا۔۔۔

اور شاید میری بات سن کے۔۔۔

"زیادہ غصّہ نا کرے

وہ جوش سے اٹھی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"میم آپ کو سر بلا رہے ہیں"

ملازم نے آ کے اسے شاہنواز کا پیغام دیا تھا۔

ایسا کرتی ہوں پہلے موم ڈیڈ۔۔۔"

سے مل لیتی ہوں اور۔۔۔

"انکے سوالوں کے جوابات دیدیتی ہوں

وہ دل میں بولتے ہوئے شاہنواز کے روم کی طرف چلی گئی۔

***

" جی کس سے ملنا ہے آپ کو"

عرفہ شاہ اور بہروز شاہ اس وقت۔۔۔

درانی پیلس کے باہر کھڑے تھے۔۔۔

انکی آمد چوکیدار نے پوچھا تھا۔۔۔

"عقیلہ درانی ہیں؟ ہمیں ان سے ملنا ہے"

عرفہ شاہ نے جواب دیا تھا۔

"جی میں ابھی انکو بتا کر آتا ہوں"

چوکیدار بولتے ہوئے اندر چلا گیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Rulata Hai | By Sadiya Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"عرفہ ہم یہاں کیوں آئے ہیں"

بہروز شاہ نے پوچھا تھا۔

"بس دیکھتے جائے آپ چپ چاپ"

عرفہ شاہ پراسرار سی مسکراہٹ کے ساتھ بولی تھیں۔

کیا مطلب ؟؟" بہروز شاہ حیران ہوئے تھے۔"

"بہروز آپ بہت سوال پوچھتے ہیں"

عرفہ شاہ جھنجھلا کر بولیں۔

اتنے میں ملازم نے آ کے انھیں اندر آنے کی اجازت دی تھی۔

***

"تمہیں اسنے بتایا تھا کے اسکے پیرنٹس مان گ ئے ہیں"

شاہنواز نے سنجیدگی سے تحریم سے پوچھا تھا۔

جی ڈیڈ مان گ ئے تھے مجھے اسنے بتایا تھا" تحریم نے آہستہ سے بتایا تھا۔"

"تو پھر تمہیں دیکھتے ہی کیوں باہر چلی گئیں تھیں مسز شاہ"

فرحین نے گھور کر پوچھا تھا۔

"مجھے نہیں معلوم موم انہوں نے ایسا کیوں کیا آپ پلزززاب زیادہ سوالیں مت کریں"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بات دراصل یہ ہے شاہنواز صاحب ہم آپ کی بیٹی کو اپنی بہو بنانا چاہتے ہیں" عقیلہ درانی نے شاہنواز سے" کہا تھا۔

وہ آج ثانیہ کے ساتھ تحریم کو دیکھنے آئ تھیں۔۔۔

شاہنواز ان کا مدعا سن کر بہت خوش ہوئے تھے۔۔۔

جاؤ فرحین تحریم کو لیکر آؤ" انہوں نے فرحین احمد سے کہا تھا۔۔۔"

جی ابھی لاتی ہوں" وہ کہتے ہوئے تحریم کو بلانے چلی گئیں تھیں۔۔۔"

اور سناؤ ثانیہ بیٹا خوش ہو اپنے گھر میں؟" شاہنواز نے مسکرا کر پوچھا تھا۔"

جی انکل اللہ کا شکر ہے خوش ہوں" وہ مسکرا کر بولی تھی۔۔۔"

اچھی بات ہے خوش خرم رہو" انہونے دعا دی تھی۔۔۔"

اسّلام علیکم" تحریم آہستہ سے سلام کرتے ہوئے اندر آئ تھی۔۔۔"

وعلیکم اسّلام بیٹا" عقیلہ دررانی نے مسکرا کر جواب دیا تھا۔۔۔"

ثانیہ اسے دیکھکر حیران ہوئی تھی اور برا بھی لگا تھا۔۔۔

اسکے نفیس سلجھے ہوئے بھائی کے لیے یہ لڑکی ڈیزرو نہیں کرتی تھی۔۔۔

تحریم ثانیہ کو دیکھ کر سب سمجھ گئی تھی عرفہ بیگم نے اسے چھوڑ کر ثانیہ کو کیوں بہو بنایا۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسکے دل میں کھسک سی ہوئی تھی اسے وقاص کی باتیں یاد آئی تھیں۔۔۔

اسکے دل میں نفرت بن گئی تھی وقاص کے لیے۔۔۔

تحریم کو تھوڑا ڈر ہوا تھا کہی ثانیہ اسکی عادتوں کے بارے میں عقیلہ درانی کو نا بتا دے۔۔۔

اسکا دل رونے لگا تھا کہی یہ پیار بھی روٹھ گیا تو وہ نہیں جی پائیگی اسکو سہی معنوں میں احساس ہوا زبان درازی اسکے لیے کتنا مہینگا پڑ رہا ہے۔۔۔

یا اللہ آئندہ کبھی کسی سے بتمیزی نہیں کرونگی معاف کر دیں پلز ثانیہ کچھ نا بتائے بس" وہ دل میں دعا کرتی ہوئی صوفے میں عقیلہ درانی کے قریب بیٹھی تھی۔

کیسی ہو بیٹا" عقیلہ درانی نے پیار سے پوچھا تھا۔"

جی ٹھیک ہوں آپ کیسی ہیں" تحریم نے پیار سے کہا تھا۔"

میں بھی ٹھیک ہوں اللہ کا شکر ہے" انہوں نے اسکے سر پے ہاتھ رکھا تھا۔ "

کیا کرتی ہیں آپ آج کل" ثانیہ نے مسکرا کر پوچھا تھا۔۔۔"

تھرڈ ائیر میں ہوں" وہ آہستہ سے بولی تھی۔۔۔"

بھئی ہمیں تو لڑکی بہت پسند آئی ہے آپ اجازت دیں تو ہم انگوٹھی پہنا دیتے ہیں" عقیلہ درانی نے کہا تھا۔"

جی جی کیوں نہیں ضرور" شاہنواز نے خوشی سے اجازت دی تھی۔۔۔ "

تھوڑی دیر بعد سب ایک دوسرے کو مبارک باد دے رہے تھے۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تحریم نے شکر ادا کیا تھا اللہ کا سب خیر عافیت سے ہو گیا تھا۔۔۔

ثانیہ بھی خوش تھی کیوں کے تحریم اسکے بھائی کی محبت تھی۔۔۔

اور وہ اپنے بھائی کی خوشیوں میں بھنگ نہیں ڈالنا چاہتی تھی۔۔۔

اسلیے اسنے تحریم کو ایک موقعہ دیا تھا غلطی سب انسان سے ہوتی ہے۔۔

یہی سوچ کر اسنے عقیلہ درانی کو کچھ نہیں بتایا تھا۔۔۔

ہم شادی تحریم کے پڑھائی کمپلیٹ ہونے کے بعد کرینگے "شاہنواز احمد نے کہا تھا۔"

جی کوئی بات نہیں ہم انتظار کر لینگے "عقیلہ درانی نے مسکرا کر کہا تھا۔"

پھر ٹھیک ہے بہن جی "فرحین احمد ہنس کر بولی تھیں۔"

لیکن ہم گھر میں چھوٹا سہ فنکشن کرنا چاہتے ہے تاکے سب رلیٹوز کو پتا لگے میرے بیٹے کی منگنی ہو گئی ہے"" عقیلہ درانی نے کہا تھا۔

ٹھیک ہے ہم دونوں فمیلیز مل کر فنکشن کر لیتے ہیں ہم اپنے رلیٹوز کو انوائٹ کرینگے اور آپ بھی انوائٹ کرے "شہنواز نے کہا تھا۔"

ہاں بھائی صاحب آپ ٹھیک کہہ رہے ہو ہم زید سے بات کر کے آپ کو بتا دینگے "عقیلہ درانی نے خوش ہو کر کہا تھا۔"

جی ٹھیک ہے "شاہنواز مسکرا کر بولے تھے۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Rulata Hai | By Sadiya Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اچھا اب ہم چلتے ہیں ثانیہ کو اپنے گھر بھی جانا ہے" عقیلہ درانی نے اجازت مانگی تھی۔"

جی ٹھیک ہے آتے جاتے رہیگا اب تو یہ آپکا بھی گھر ہے" فرحین احمد نے مسکرا کر کہا تھا۔"

جی ضرور" کہتے ہوئے انہوں نے تحریم کی بلائی لی تھیں اور کچھ پیسے پکڑائے تھے۔"

ارے ان کی کیا ضرورت تھی" شاہنواز نے تکلف سے کہا تھا۔"

آپ مت بولیں ہم ساس بہو کے بیچ یہ ہمارا معملہ ہے" وہ دھونس جماتے ہوئیں بولیں تھیں۔ انکی بات پر" سب مسکرائے تھے۔

***

مبارک ہو میری جان" زید نے تحریم کو فون پہ مبارک دی تھی۔۔۔"

آپ کو بھی مبارک ہو" وہ شرماتی ہوئی بولی تھی۔۔۔"

ایک بات پوچھوں آپ سے" تحریم نے ادھر ادھر کی باتوں کے بعد زید سے پوچھا تھا۔"

ہاں ایک نہیں ہزار پوچھو" زید مسکرا کر بولا تھا۔"

آپ میرے بارے میں سب جانتے ہیں وقاص کے بارے میں بھی پھر بھی کیوں مجھسے نکاح کیا کوئی بھی" مرد ایسا نہیں کرتا ہینا۔۔۔

سب کچھ جاننے کے باوجود بھی آپ نے مجھے اپنی زندگی میں شامل کیا" وہ آہستہ سے بولی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیوں کے یار میں دوسرے مردوں کی طرح نہیں سوچتا۔۔۔"

تمہارے ساتھ غلط ہوا ہے وقاص نے تمہارے ساتھ غلط کیا ہے۔۔۔

اور اگر شادی سے پہلے کسی کو پسند کیا جائے تو۔۔۔

وہ انسان برا نہیں ہوتا یہ تو اللہ کی دین ہے۔۔۔

بغیر کسی وجہ کہ انسان کو پیار ہو جاتا ہے۔۔۔

جیسے مجھے تم سے ہوئی اب میں نے جان بوجھ کر تو۔۔۔

تم سے محبت نہیں کی اسلیے مجھے فرق نہیں پڑتا تمہارے پاسٹ سے۔۔۔

مجھے تمہارے پریسنٹ سے فرق پڑتا ہے بہت یقین کرتا ہوں تم پر۔۔۔

کبھی مت توڑنا وقاص کو ثانیہ کا شوہر سمجھ کر قبول کرنا۔۔۔

"میں کیا کہہ رہا ہوں تم سمجھ رہی ہو نا

زید تفصیل کے ساتھ بولتے ہوئے اس سے پوچھنے لگا تھا۔

" جی سمجھ رہی ہوں آپ کی بات اور میں وعدہ کرتی ہوں کبھی آپکا اعتماد نہیں توڑونگی"

تحریم نے مسکرا کر کہا تھا اسے خود کر فخر ہوا تھا اتنا اچھا جیون ساتھی ملنے پر۔۔۔

" وہ سمجھ گئی تھی شادی سے پہلے جو عشق ہوتا ہے وہ "عشق رلاتا ہے

"اور شادی کے بعد جو عشق ہوتا ہے وہ "عشق ہنساتا ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

گڈ گرل "زید پیار سے بولا تھا۔"

کھانا کھایا کے نہیں تم نے آج "زید نے اس سے پوچھا تھا۔"

جی کھایا ہے میں نے بھی آپ نے کھایا کے نہیں "تحریم نے پوچھا تھا۔"

دونوں باتیں کرنے لگے تھے دونوں کے ہونٹھوں پہ نا ختم ہونے والی مسکراہٹ تھی۔

***

زرش مجھے یقین نہیں آرہا ہے میں پاپا بننے والا ہوں "ریان نے اسکا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیتے ہوئے کہا تھا۔"

مجھے خود یقین نہیں آرہا ہے ریان "وہ بھیگی آواز میں بولی تھی۔"

تھنک یو سوچ یہ خوشی دینے کے لیے "اسنے زرش کا ہاتھ پکڑ کر چوما تھا۔"

ریان کتنا اچھا لگے گا نا جب ہمارا بے بی مجھے ماما اور آپ کو پاپا بلائیگا "وہ اپنے پیٹ پہ ہاتھ رکھ کر بولی تھی۔"

ہاں یہ احساس ہی اتنا خوبصورت ہے کیا بتاؤں "وہ محبت سے اسے دیکھتے ہوئے بولا تھا۔"

تم نے موم کو سنایا یہ نیوز "زرش کو یاد آنے پر اسنے پوچھا تھا۔"

کیسی باتیں کرتی ہو میں انھیں یہ بات بتاتے اچھا لگونگا؟ "ریان نے اسے گھور کر کہا تھا۔"

اچھا آپ فون دیں مجھے دراز سے میں انکو بتاتی ہوں "اسنے اپنا موبائل مانگا تھا۔"

یہ لو "ریان نے موبائل اسے پکڑایا تھا وہ نمبر ڈائل کرنے لگی تھی۔۔۔ "

ہیلو السلام علیکم موم "کال اٹھانے پر اسنے سلام کیا تھا۔۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وعلیکم السلام بیٹا کیسی ہو" عرفہ شاہ نے پوچھا تھا۔۔۔"

ٹھیک ہوں موم آپ کیسی ہیں اور کیا کر رہی ہیں" اسنے پوچھا تھا۔۔۔"

میں بھی ٹھیک ہوں اور میں کھانا کھانے کی تیاری کر رہی ہوں" انہوں نے بتایا تھا۔"

اچھا" اسکا ہنکارہ بھرا تھا اسے سمجھ نہیں آ رہا تھا کیسے بتائے، بتاتے ہوئے شرم آ رہی تھی۔"

بتاؤ انٹی کو جو بتانا چاہتی تھی" ریان نے اشارہ کیا تھا۔۔۔"

کیسے بتاؤں مجھے شرم آ رہی ہے" وہ کنفیوز ہوتے ہوئے بولی تھی۔۔۔"

اسکی بات پر ریان مسکرایا تھا۔۔۔

"کیا بات ہے بیٹا کچھ کہنا چاہتی ہو؟"

عرفہ شاہ نے انکی بات سن لی تھی اسلیے پوچھا تھا۔

جی ماما بات دراصل یہ ہے۔۔۔م۔۔میں۔۔۔آ۔۔۔پ۔۔۔" وہ اٹکتے ہوئے بولی تھی۔"

کیا ہوا ہے کیوں اٹک رہی ہو ٹھیک سے بتاؤ" عرفہ شاہ نے حیران ہو کر کہا تھا۔"

موم آپ نانی بننے والی ہیں" اسنے بولتے ہی کال کاٹی تھی اور شرما کر ریان کے سینے میں منہ گھسایا تھا اسکی" حالت دیکھکر ریان کا بے ساختہ کہکا بلند ہوا تھا۔

اف تمہارا یہ شرمانا" ریان نے اسکا سرخ چہرہ اٹھا کر اسکی آنکھوں میں دیکھا تھا۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

زرش نے نظرے نیچے کی تھی عرفہ شاہ کی کال آنے لگی تھی۔

اسنے کال پک کی تھی اور باتیں کرنے لگی تھی چہرے پہ شرمیلی مسکراہٹ تھی۔

***

زید نے فنکشن اتوار کو رکھنے کا بولا تھا اچھے سے سب ڈسائیڈ کرنے کے بعد وہ اپنے گھر آ گئی تھی۔

یار بہت مس کیا تمہیں دو راتوں میں ہی پاگل ہونے لگا تھا تمہارے بغیر" وقاص نے لاڈ سے منہ بناتے" ہوئے اسے اپنی باہوں میں بھرا تھا۔

اچھا اتنا پیار ہو گیا ہے مجھ سے "اسنے لاڈ سے پوچھا تھا۔"

ہاں پتا نہیں کیسے لیکن بہت پیار کرنے لگا ہوں تم سے" وقاص نے محبت سے اسکی پیشانی پر اپنے ہونٹھ " رکھے تھے۔

ثانیہ نے اپنی آنکھیں بند کی تھی۔۔۔

وقاص اسکا چہرہ دیکھنے لگا تھا۔۔۔

اچھا تم گھر کس لیے گئی تھی کوئی کام تھا؟" وقاص کو یاد آنے پر اسنے پوچھا تھا۔"

ھاں زید بھائی کے لیے لڑکی ڈھونڈھ رہی تھیں ماما اسلیے بلایا تھا" اسنے مسکراتے ہوئے بتایا تھا۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اوہ پھر ڈھونڈلی دلہن؟"وقاص نے پوچھا تھا۔"

جی ہم کل منگنی کی انگھوٹھی پہنا کر آرہے ہیں اور اس اتوار کو فنکشن رکھا ہے سب ریلیٹیوز کو انوائٹ "کرینگے"اسنے تفصیل سے بتایا تھا۔

اچھا پھر شاپنگ بھی تو کرنی ہوگی تمہیں کل لے جاؤنگا تیار رہنا آفس سے آنے کے بعد لے جاؤنگا"وقاص "نے اسکے بالوں سے کھلتے ہوئے کہا تھا۔

جی ٹھیک ہے مجھے زرش کو بھی انوائٹ کرنا ہے کال کرتی ہوں اسے"ثانیہ زرش کو کال ملانے لگی تھی۔"

میرے بھائی کی منگنی ہے اس اتوار کو انکل انٹی کو ساتھ لیکر آنا"کال اٹھانے پر اسنے حال چال کے بعد اسے "کہا تھا۔

اچھا طبعیت ٹھیک لگے تو آؤنگی"زرش نے کہا تھا۔۔۔ "

کیوں کیا ہوا طبعیت کو"ثانیہ نے پریشان ہو کر پوچھا تھا۔۔۔"

کچھ نہیں بس ایسے ہی"زرش گول مول جواب دینے لگی تھی۔۔۔"

کیا بس ایسے ہی ٹھیک سے بتاؤ کیا ہوا ہے"اسنے ڈپٹ کر پوچھا تھا۔۔۔"

بات دراصل یہ ہے تم مامی بننے والی ہو"زرش نے ہنس کر کہا تھا۔۔۔"

اوہ سچ کہہ رہی ہو مبارک ہو"ثانیہ نے خوشی سے ملی جلی تعصرات کے ساتھ کہا تھا۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خیر مبارک "زرش نے مسکرا کر کہا تھا۔"

ویسے موم کو بتایا کے نہیں تم نے "ثانیہ نے پوچھا تھا۔"

ہاں ابھی کچھ دیر پہلے بات ہوئی تھی تو بتایا تھا سن کر خوش ہو رہی تھیں "اسنے بتایا تھا۔"

اچھا پھر تو تمہیں دیکھنے آنا پڑے گا "ثانیہ نے ہنس کر کہا تھا اسکی ہنسی کی آواز پر وقاص نے اسکی طرف دیکھا تھا۔

ہاہاہا کیوں نہیں امی بھی بول رہی تھیں تم لوگوں کو بلائینگی "زرش نے بتایا تھا۔"

اوہ اچھا پھر تو ہم ضرور آئینگے "ثانیہ مسکرا کر بولی تھی۔"

اچھا میں بعد میں بات کرتی ہوں ریان کو کچھ چاہیئے شاید "زرش نے کہا تھا۔"

اچھا ٹھیک ہے خدا حافظ اپنا خیال رکھنا "ثانیہ نے بولتے ہوئے کال کٹ کیا تھا۔"

کیا ہوا زرش کیا کہہ رہی تھی "وقاص نے پوچھا تھا۔"

کہہ رہی تھی اسکی ساس ہمیں دعوت دینا چاہتی ہے اور یہ بھی بتایا آپ ماموں بننے والے ہو "ثانیہ نے جھجھک کر بتایا تھا۔

یہ تو بہت خوشی کی بات ہے "وہ سن کر خوش ہوا تھا۔"

ہاں "وہ مسکرا کر بولی تھی۔"

اور مجھے پاپا بننے کی خوشی کب ملیگی "وقاص نے چھیڑتے ہوئے کہا تھا۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Rulata Hai | By Sadiya Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسکی بات سن کر ثانیہ کا چہرہ سرخ ہوا تھا۔۔۔

جب اللہ دیگا تب سنینگے نا" وہ شرما کر بولی تھی۔۔۔"

اللہ تو دے ہی دیگا پر پہلے میری بیوی تو مان جائے پہلے" وقاص نے آنکھ مار کر کہا تھا۔"

آپکا کیا مطلب ہے میں نہیں چاہتی ماں بننا؟" وہ تیور چڑھائے اسے دیکھ کر بولی تھی۔"

ارے میرا مطلب تم قریب ہی نہیں آنے دیتی تو۔۔۔" وقاص جھوٹ بولتے ہوئے سر کھجانے لگا تھا۔"

کتنا جھوٹ بولتے ہو آپ وقاص" وہ حیرت سے چیخ کر بولی تھی۔"

اچھا اگر میں جھوٹ بول رہا ہوں تو ابھی آنے دو مجھے اپنے پاس" وہ چالاکی سے بولا تھا۔"

زیادہ چالاک مت بنے سب پتا ہے مجھے" وہ ناک چڑھا کر بولی تھی۔۔۔"

یار ترس گیا ہوں مان جاؤ نا پلز" وہ منت کرنے پے اتر آیا تھا۔۔۔"

ثانیا اسکی حالت دیکھ کر ہنسی تھی اور آہستہ سے اسکے قریب ہوئی تھی۔

***

ٹھیک ہے میں تمہیں گھر جاکے کال کرونگی" وہ مشل سے گلے ملتے ہے یونیورسٹی کے گیٹ سے نکلی تھی۔"

سامنے زید کو دیکھکر اسکا دل خوش گوار ہوا تھا۔۔۔

آپ ادھر کیسے" تحریم اسکے قریب آتے ہوئے بولی تھی۔۔۔"

کیوں نہیں آسکتا کیا ادھر" زید نے کار کا دروازہ کھول کر اسے اندر بیٹھنے کی دعوت دی تھی۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں آسکتے ہیں پر آپنے مجھے بتایا ہی نہیں آپ آینگے" وہ اندر بیٹھتے ہوئے بولی تھی۔ "

ہاں سوچا سرپرائز دوں تمہیں آج اسلیے آگیا" وہ اپنی سیٹ میں بیٹھتے ہوئے بولا تھا۔"

ویسے ہم کہا جا رہے ہیں" اسنے زید سے پوچھا تھا۔"

ریسٹورنٹ جا رہے ہیں تمہیں بھوک بھی لگی ہوگی میں بھی آفس سے آیا ہوں ساتھ میں بیٹھ کر لنچ"
کر لینگے" زید نے کار ڈرائیونگ کرتے ہوئے کہا تھا۔

پر گھر میں موم پریشان ہونگی" تحریم نے کہا تھا۔"

تم انکو انفارم کردو" زید نے اسکی طرف دیکھ کر کہا تھا۔"

جی ٹھیک ہے" اسنے بولتے ہوئے فرحین کو کال کی تھی۔"

***

وہ بلو اور بلیک نگوں والی ساڑی پہنے کوئی اپسرا دکھ رہی تھی لمبے بال اسنے اپنے پشت میں پھیلا رکھے تھے۔

ریان آپ نے امی اور ابّو کو جلدی تیار ہونے بولا ہے کیا؟" زرش نے جیولری پہنتے ہوئے اس سے پوچھا"
تھا۔

ہاں بولا تھا لیکن انہوں نے جانے سے منع کر دیا ہے، اور تمہاری تیاری ابھی تک ختم نہیں ہوئی؟" ریان "
نے اسکی طرف دیکھکر پوچھا تھا۔

بس بال بنانے ہیں ابھی ہو جائے گا" وہ جلدی جلدی جھمکے کانوں میں ڈالتے ہوئے بولی تھی۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں نظر آرہا ہے تمہارا" ابھی "ریان اس پر چوٹ کرتے ہوئے بولا تھا۔"

آپ میرا پیچھا چھوڑ نگے جب دیکھو میرے اوپر تنقید کرتے رہتے ہیں" وہ ایک دم سے جھمکا زور سے ٹیبل میں پٹختے ہوئے بولی تھی۔

سوری یار میں تو مذاق کر رہا تھا سیر ئس کیوں لے رہی ہو" ریان کو اسکے ایسے رد عمل کی توقِع نہیں تھی وہ" گھبرا کر بولا تھا۔

آئندہ میرے اوپر تنقید کری تو بہت برا ہوگا" وہ اسے وارن کرتے ہوئے بولی تھی اور جھمکا اٹھایا تھا لیکن" پٹخنے سے جھمکا ٹوٹ چکا تھا۔

آپ کی وجہ سے میرا جھمکا ٹوٹ گیا" وہ رونے والی ہوگئی تھی۔"

یار دوسرا پہن لو" ریان اسکے پیچھے آکے بولا تھا وہ اسکی فیلنگ سمجھ رہا تھا پریگنسی میں یہ سب ہوتا ہے وہ" جانتا تھا۔

یہ میرے فیورٹ جھمکے تھے مجھے یہی پہننا ہے میں کچھ نہیں جانتی" وہ بچوں کی طرح ضد کرتے ہوئے بولی" تھی۔

یہ ٹوٹ چکا ہے کیسے پہنو گی ابھی کوئی دوسرا پہن لو میں پکا تمہیں ایسے جھمکے لادونگا پرومیس" وہ اسے" پچکارتے ہوئے بولا تھا۔

سچ کہہ رہے ہو آپ؟" وہ ایک دم سے خوش ہو کر بولی تھی ریان کو اس پہ پیار آیا تھا۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں بلکل سچ بول رہا ہوں "اسنے اسے اپنی باہوں میں بھر کر کہا تھا۔"

لو ویو ریان "وہ اسکے گالوں میں اپنے لپس رکھتے ہوئے بولی تھی۔"

لو ویو ٹو ریان کی جان "اسنے مسکرا کر کہا تھا۔"

وہ دوسرے جھمکے پہننے کے بعد جلدی جلدی اپنے بال بنانے لگی تھی ریان پہلے ہی تیار بیٹھا تھا۔

***

ہر طرف افرا تفری تھی میوزک چل رہا تھا بچے بوڑھوں کی گیدر نگ تھی۔۔۔

تبھی کپل کی انٹری ہوئی تھی ہر طرف شور اٹھا تھا سب اپنے میز سے اٹھے تھے دونوں کو دیکھنے کے لیے۔۔۔

دونوں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر اسٹیج کی طرف جا رہے تھے۔۔۔

زید نے تحریم کو صوفے پر بٹھایا تھا۔۔۔

...دور کھڑا وقاص کو جھٹکا لگا تھا تحریم کو دیکھکر

...زید کے ہاتھوں میں ہاتھ ڈالے مسکرا رہی تھی

...اسے آج سہی معنوں میں احساس ہوا شرک کتنا گناہ ہے

...اسے برا لگ رہا تھا اسنے کبھی نہیں سوچا تھا ایسا بھی ہوگا

میں ثانیہ کے ساتھ ہوتا تھا خوش تھا تحرم کو ایسے ہی تکلیف ہوئی ہوگی جیسے مجھے ہو رہی ہے "اسنے دکھ سے"

دل میں سوچا تھا.

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پیاری ہے نازید بھائی کی منگیتر "ثانیہ جو اسکے پاس کھڑی تھی اسنے وقاص سے پوچھا تھا۔"

ہاں اچھی ہے "اسنے مختصر سا جواب دیا تھا۔۔۔"

چلے انکے پاس چلتے ہیں "ثانیہ نے اسکا ہاتھ پکڑ کر کھینچا تھا۔۔۔"

تم جاؤ میں کچھ دیر میں آتا ہوں "وقاص نے اپنا ہاتھ چھڑا کر کہا تھا۔"

نہیں ابھی چلے "وہ ضد کر کے اسے اسٹیج پر لے گئی تھی۔"

ماشاءاللہ بھابی کتنی پیاری لگ رہی ہے ڈول جیسی "ثانیہ نے تعریف کی تھی۔"

تحریم نے ایک نظر وقاص کی طرف دیکھا تھا جو اس سے نظریں چرا رہا تھا۔

زید نے ایک نظر وقاص کی طرف دیکھا تھا اور ایک نظر تحریم کی طرف۔۔۔

ماشاللہ اللہ جوڑی سلامت رکھے نظر بد سے بچائے "عقیلہ درانی نے دونوں کی بلائی لیں تھیں۔"

آمین "فرحین احمد نے مسکرا کر کہا تھا عرفہ شاہ جو ابھی ابھی ہال میں انٹر ہوئی تھیں بہروز شاہ کے ساتھ، "اٹیج میں دلہن بنی تحریم کو دیکھ کر حیران رہ گئی تھیں۔

بہروز وہ دیکھیں شاہنواز کی بیٹی "عرفہ شاہ نے بہروز شاہ کا دھیان تحریم کی طرف دلوائی تھی۔"

یہ ثانیہ کی ہونے والی بھابی ؟؟ "بہروز شاہ چونک گ ئے تھے۔"

ہمیں عقیلہ درانی کو بتانا چاہیئے یہ لڑکی زید کے لیے ٹھیک نہیں ہے اگر یہ اس گھر کی بہو بن گئی تو بہت برا" ہوگا "عرفہ شاہ نے کہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں ہمیں ایسا نہیں کرنا چاہیئے" بہروز شاہ تزبب کا شکار تھے۔"

اگر ہم نے ایسا نہیں کیا تو بہت برا ہو گا مجھے تو لگتا ہے اس نے زید سے منگنی بھی اسی لیے کی ہے تاکہ وہ" ہمارے بیٹے سے مل سکے" عرفہ شاہ بولتے ہوئے اسٹیج کے جانب بڑھی تھیں۔

فرحین احمد عرفہ شاہ کو دیکھ کر حیران ہوئیں تھیں یہی حال شاہنواز کا بھی تھا۔

عقیلہ بہن مجھے آپ سے کچھ ضروری بات کرنی ہے" عرفہ شاہ نے عقیلہ درانی سے کہا تھا۔"

انکی بات پر سب نے انھیں دیکھا تھا تحریم کا دل دھک دھک کر رہا تھا زید نے اسکا ہاتھ پکڑ کر ریلیکس ہونے کا اشارہ کیا تھا۔

جی آپ بولیں میں سن رہی ہوں" عقیلہ درانی نے مسکرا کر کہا تھا۔"

بات درا۔۔۔موم پلز۔۔۔"وقاص ایک دم سے بولا تھا۔ بہروز شاہ نے اسے بتایا تھا۔ عرفہ شاہ کیا کہنا" چاہتی ہیں۔

ثانیہ نے چونک کر وقاص کو دیکھا تھا سب کو اسکا بیچ میں بولنا عجیب لگا تھا۔

نہیں وقاص بولنے دو یہ ثانیہ اور تمہاری زندگی کا معاملہ ہے" عرفہ شاہ کی بات پر سب نے حیران ہو کر" دیکھا تھا۔

کیا بات ہے عرفہ بہن بتائے پوری بات" عقیلہ درانی نے پوچھا تھا۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ لڑکی تحریم یہ زید سے منگنی اسلیے کر رہی ہے تاکے وہ میرے بیٹے وقاص کو اپنی اداوں میں واپس پھنسا لے یہ پہلے بھی کر چکی۔۔۔بس انٹی چپ رہے ایک بھی لفظ مت بولیں میری بیوی کے بارے میں" زید نے ایک دم سے غصّے سے عرفہ شاہ کی بات کاٹ کر کہا تھا۔

بیوی؟" شاہنواز نے حیرت سے پوچھا تھا سب کو سانپ سونگھ گیا تھا۔"

تحریم دبی دبی آواز میں رونے لگی تھی۔

ہاں میری بیوی ہے یہ نکاح کر چکا ہوں میں اس سے۔۔۔ "

میں تحریم کے بارے میں سب جانتا ہوں۔۔

۔

اور یہ جو آپ نے اپنے بیٹے کو شریف سمجھا ہوا ہے نا۔۔۔

"دھوکہ دیا ہے اس نے تحریم کو وعدے کسی اور سے شادی کسی اور سے واہ

اسنے غصّے سے وقاص کو ہوئے طنزیہ انداز میں تالی بجائی تھی۔

سارے ہال میں موجود لوگ انھیں دیکھ رہے تھے سب چہ مگوئی کرنے لگے تھے۔

ثانیہ نے حیرت سے پھٹی آنکھوں کے ساتھ وقاص کو دیکھا تھا۔۔۔

اسکو اپنی شادی کی پہلی رات یاد آئی تھی۔۔۔

وقاص کا اس سے دور رہنا سب سمجھ گئی تھی۔۔۔

وقاص نے ثانیہ کی طرف دیکھتے ہوئے نظریں چرائیں تھیں۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ شادی نہیں۔۔۔" عرفہ شاہ جیسے ہی بولنے لگیں تو پیچھے سے کچھ گرنے کی آواز آئی تھی۔"

انہوں نے پیچھے مڑ کر دیکھا تھا اور ڈر گئیں تھیں۔۔۔

عقیلہ درانی دل پر ہاتھ رکھتے ہوئے زمین پر گری تھیں۔۔۔

انکے چہرے پہ تکلیف کے آثار تھے۔۔۔

ماما۔۔"ثانیہ بھاگ کر عقیلہ درانی کے پاس بھاگی تھی۔۔۔"

زید بھی پریشانی سے عقیلہ درانی کے پاس گیا تھا تب تک وہ بیہوش ہو چکی تھیں۔

امبولنس بلواو کوئی"زید چیخا تھا ایک منٹ میں ساری خوشیاں درہم برہم ہو گئی تھی۔"

میں بلاتا ہوں" وقاص نے ہڑبڑا کر موبائل نکال کر کال کرنے لگا تھا۔۔۔"

بہروز شاہ نے تعصف سے عرفہ شاہ کو دیکھا تھا انہوں نے نظریں چرائی تھیں۔

تحریم رونے لگی تھی اسے لگ رہا تھا یہ سب اسکی وجہ سے ہوا ہے وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی تھی۔

زرش اور ریان خوشی خوشی ہال میں انٹر ہوئے تھے لیکن معاملے کی سنگینوں کا احساس ہوتے ہی وہ اسٹیج کی طرف بھاگے تھے۔

کیا ہوا ہے انھیں "ریان نے وقاص سے پوچھا تھا۔۔۔"

لیکن اسنے کوئی جواب نہیں دیا تھوڑی دیر بعد ایمبولنس آ گئی تھی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وقاص نے جیسے ہی عقیلہ درانی کو اٹھانے میں مدد کرنی چاہی زید نے ہاتھ اٹھا کر منع کر دیا تھا اور خود اٹھا کر اسٹریکچر میں ڈالا تھا۔

ریان اور زرش نے زید کا ردعمل دیکھا تھا وہ حیران ہوئے تھے۔۔۔

چلو تحریم بیٹا گھر چلو ہم اپنی اور بے عزتی نہیں کروا سکتے" شاہنواز نے تحریم کو اٹھنے کا اشارہ کیا تھا۔"

نہیں ڈیڈ میں ایسے زید کو مشکل وقت میں اکیلی نہیں چھوڑ سکتی زید کو میری ضرورت ہے" وہ کہتے ہوئے" زید کے پیچھے گئی تھی۔

عرفہ شاہ حیران ہوئیں تھیں تحریم کی باتیں سن کر انھیں لگا وہ شاہنواز کے ساتھ گھر چلی جائے گی لیکن وہ نہیں گئی تھی۔

تم کیوں آئی ہو یہاں تم گھر جاؤ میں آ کے ملونگا تم سے" زید نے کہا تھا ثانیہ بھی اسکے ساتھ تھی جو مسلسل" رو رہی تھی۔

نہیں زید مجھے بھی جانا ہے سب میری وجہ سے ہوا ہے سب میری غلطی ہے" وہ بولتے ہوئے رونے لگی" تھی۔

چپ بلکل تمھاری کوئی غلطی نہیں ہے آ جاؤ تم بھی" زید نے اسکے آنسوں پونچھے تھے اور ساتھ بٹھایا تھا ثانیہ" نے ناپسندیدہ نظروں سے تحریم کو دیکھا تھا۔

***

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کے اندر ایڈمٹ تھیں زید اور وقاص بھاگ دوڑ کر رہے تھے تھوڑی دیر بعد i.c.o عقیلہ درانی ہوسپٹل میں عرفہ شاہ بہروز شاہ شاہنواز احمد فرحین احمد زرش اور ریان بھی آ گئے تھے۔

ثانیہ مسلسل رو رہی تھی اسے بار بار ڈاکٹر کی اس دن کی کہی ہوئی بات یاد آ رہی تھی جب عقیلہ درانی کو دوسری بار اٹیک ہوا تھا۔

مت رو بیٹا وہ ٹھیک ہو جائینگی بس اللّٰہ سے دعا کرو" بہروز شاہ نے ثانیہ کو دلاسہ دیا تھا۔"

کیسے ٹھیک ہونگی وہ ڈاکٹر نے دوسری اٹیک میں کہا تھا پھر ہوا تو نہیں بچینگی" ثانیہ نے روتے ہوئے کہا تھا۔"

اسکی بات سن کر عرفہ شاہ کو شاک لگا تھا وہ گلٹ محسوس کرنے لگیں تھیں۔

یہ سب تحریم کی وجہ سے ہوا ہے نہیں چھوڑونگی میں اسے پہلے میرے شوہر کو پھسایا اب میرے بھائی کو" تمہاری وجہ سے میری ماما موت کے منہ میں ہیں مجھے اس دن ہی بتا دینا چاہیۓ تھا ماما کو کہ زید کے لیے تم جیسی لڑکی ڈیزرو نہیں کرتی" ثانیہ ایک دم ہزیانی ہو کر کر تحریم پر پل پڑی تھی۔

سب نے اسکا یہ چہرہ پہلی دفع دیکھا تھا غصّے میں وہ کوئی بھوکی شیرنی لگ رہی تھی۔

بس کرو ثانیہ اللّٰہ سے دعا کرو چچی ٹھیک ہو جاۓ تم بے وجہ تحریم پر الزام نا لگاؤ" زید نے غصّے سے ثانیہ کو" تحریم سے دور کیا تھا۔

وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی تھی وقاص آہستہ سے اسکے قریب آیا تھا اور اسکا ہاتھ پکڑ کر دلاسہ دینے کی کوشش کر رہا تھا لیکن ثانیہ نے اسکا ہاتھ جھٹک کر اسے دور کیا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Rulata Hai | By Sadiya Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سے نکلے تھے انھیں دیکھ کر زید جلدی سے انکی طرف بڑھا تھا۔ i.c.o اتنے میں ڈاکٹر فرحان

کیا ہوا ڈاکٹر سب ٹھیک ہے؟ چچی کیسی ہیں" زید نے بیتاب ہو کر پوچھا تھا۔"""

آئی ایم سوری ہم انھیں بچا نہیں پائے کچھ دیر میں ڈیڈ باڈی باہر لایا جایگا آپ لوگ پھر گھر جا سکتے ہیں باڈی " لے کر" ڈاکٹر فرحان نے آہستہ سے کہا تھا اور چلے گ ئے تھے۔

سب شاک میں تھے کسی کو یقین نہیں آرہا تھا ایک پل کے لیے سب کو سانپ سونگھ گیا تھا۔

زید کو ایسا فیل ہوا جسے وہ پتی دھوپ میں بے سائباں ہو گیا ہو وہ نیچے بیٹھ گیا تھا۔

اسکے سامنے اسکی بچپن کی ہر مومنٹ یاد آنے لگے تھے اسکی اور ثانیہ کی شرارتوں پہ عقیلہ درانی کا ڈانٹ، پیار، غصّہ، ناراضگی کسی فلم کی طرح اسکے سامنے چل رہی تھی۔

بھائی یہ کیا بول کر گ ئے ہیں ڈاکٹر، بول دیں یہ جھوٹ ہے ماما ہمیں ایسے اکیلے چھوڑ کر نہیں جا سکتی بول" دیں یہ جھوٹ ہے" ثانیہ دوڑ کر اسکے پاس آئی تھی اور اسے جھنجھوڑ رہی تھی زید کے پاس اسکے باتوں کا جواب نہیں تھا۔

سمبھالو خود کو ثانیہ مت رو" وقاص نے بولتے ہوئے اسے گلے لگانے کی کوشش کی تھی وہ اسکے سینے میں" منہ چھپا کر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی تھی۔

زید" تحریم آہستہ سے اسکے قریب آئی تھی اور اسے بھیگے لہجے میں پکارہ تھا۔ "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں نے آپ کو منع کیا تھا مت بتائے ابھی کچھ بھی لیکن آپ نے میری کوئی بات نہیں مانی اب بھگتے خسارہ"

،آپ کی وجہ سے عقیلہ درانی ہمارے بیچ نہیں رہیں" بہروز شاہ غصّے میں دھاڑے تھے عرفہ شاہ پر۔

مم۔۔۔مجھے نہیں پتا تھا ایسا بھی ہوگا میں تو بس انکی بھلائی چاہتی تھی اسلیے۔۔۔آپ کو کوئی حق نہیں"

پوھنچتا انھیں بتانے کی۔۔۔

میری بیٹی کی زندگی کا معملہ تھا یہ۔۔۔

اگر میری بیٹی سے کوئی بتمیزی ہوئی بھی تو۔۔۔

آپ بڑی تھیں معاف کر دیتی یا اسکو ایک موقع دیتیں۔۔۔

پر آپ نے نہیں دی آپ کی وجہ سے تحریم کا ایکسینڈنٹ ہوا۔۔۔

کومے میں گئی آپ کی وجہ سے اسنے زہر کھائی۔۔۔

آپ کی وجہ سے میری ہنستی کھیلتی گڑیا مرجھا گئی۔۔۔

لیکن جب وہ خوش ہونے لگی اسکی زندگی میں خوشیاں آنے لگی۔۔۔

آپ نے پھر سے اس خوشی میں آگ لگادی۔۔۔

شرم آنی چاہیئے آپ کو مسز شاہ۔۔۔

ہر بار میں فرحین کے کہنے پر چپ ہوجاتا تھا۔۔۔

اب نہیں ہونگا میں۔ شاہنواز نے عرفہ شاہ کی بات کاٹ کر غصّے سے کہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انکی بات سن کر وقاص نے حیرت سے بھری نظروں سے عرفہ شاہ کو دیکھا تھا یہی حال ثانیہ کا بھی تھا وہ تحریم کو غلط سمجھ رہی تھی پر اصل غلطی تو عرفہ شاہ کی تھی۔

موم۔۔۔یہ۔۔۔سب" وقاص نے حیرت سے پوچھا تھا عرفہ شاہ کے پاس اسکی باتوں کا جواب نہیں تھا وہ" ندامت سے نظریں چرانے لگی تھیں۔

آپ سب پلز چپ ہونگے یہ ہوسپٹل ہے کوئی جھگڑا کرنے کی جگہ نہیں ہے" زید نے درشتگی سے کہا تھا۔"

سے نکالی گئی تھیں اور دوسرے روم میں شفٹ کرنے لگے i.c.o اتنے میں عقیلہ درانی کی ڈیڈ باڈی تھے۔

ماما۔۔۔ماما" ثانیہ روتے ہوئے اسٹیکچر کے ساتھ بھاگنے لگی تھی سب پیچھے پیچھے تھے۔"

ہر آنکھیں اشک بار تھیں سب ثانیہ کو دلاسا دینے لگے تھے پر وہ چپ ہونے کا نام نہیں لے رہی تھی۔

***

عقیلہ درانی کی موت کو ایک مہینہ ہو گیا تھا سب چہلم کے بعد اپنے گھر چلے گ ئے تھے لیکن تحریم اور ثانیہ درانی ہاؤس رک گئے تھے۔

شاہنواز بھی سمجھ گئے تھے زید اب اکیلا ہے اسے تحریم کی ضرورت تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

زید آہستہ آہستہ عقیلہ درانی کی موت کے شاک سے نکل آگیا تھا پر ثانیہ کا وہی حال تھا وہ روتی رہتی تھی تحریم اسے دلاسا دینے کا سوچتی تھی پر اسکی ہمت نہیں پڑتی تھی اسے ثانیہ سے ڈر لگنے لگتا تھا کہی وہ اسے کچھ نا بول دے۔

وقاص بہت بار ثانیہ سے ملنے آیا تھا پر ثانیہ دروازہ بند کر دیتی تھی وقاص مایوس ہو کر چلا جاتا تھا کال کرنے پر بھی وہ فون نہیں اٹھاتی تھی۔

زید آج بھی وقاص آئے تھے ثانیہ نے دروازہ نہیں کھولا" تحریم نے آہستہ سے کہا تھا وہ اسکے سامنے کھانا" رکھ رہی تھی۔

مجھے ثانیہ سے بات کرنی ہوگی وہ ایسا کب تک کریگی اسے اپنے گھر بھی جانا ہوگا ایک نا ایک دن کیوں ایسا کر" " کے اپنا گھر برباد کر رہی ہے

زید نے اچار گوشت کا سالن پلیٹ میں ڈالتے ہوئے بولا تھا۔

جی میں بھی یہی سوچ رہی تھی پر اس سے ڈر لگتا ہے کہی وہ مجھے کچھ نا بول دے اور اسکی وجہ سے وقاص بھی" روز آتا ہے اور مجھے اچھا نہیں لگتا" وہ ہچکچا کر بولی تھی۔

کیوں وہ کچھ بولتا ہے کیا" زید نے نظریں اٹھا کر اس سے پوچھا تھا۔"

نہیں بولتے تو کچھ نہیں ہے بس ثانیہ کا پوچھتے ہے پر مجھے اس لیے اچھا نہیں لگتا وہ آپ کی غیر موجودگی میں" آتے ہیں" وہ آہستہ سے بولی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسکی بات پر زید کو اس پے پیار آیا تھا اسے خوشی ہوئی تھی اسنے ایک رشتے نبھانے والی لڑکی کو چنا ہے۔

جو ہر رشتہ نبھانے کی کوشش کرتی ہے چاہے وہ شادی سے پہلے کی ہو یا چاہے وہ شادی کے بعد کی اپنی طرف سے وہ مخلص تھی۔

ایسے کیا دیکھ رہے ہیں آپ" وہ زید کی نظرے اپنے اوپر دیکھکر شرما کر بولی تھی۔"

کچھ نہیں بس دیکھ رہا ہوں میری بیوی آج بہت اچھی لگ رہی ہے" وہ محبت سے بولا تھا۔"

میں تیار بھی نہیں ہوئی خاک اچھی لگ رہی ہوں مجھے پتا ہے آپ مذاق اڑا رہے ہو" تحریم منہ پھلا کر بولی تھی۔"

میں کہا مذاق اڑا رہا ہوں سچ میں پیاری لگ رہی ہو سمپل میں" وہ اسکے میک اپ سے صاف شفاف چہرہ دیکھکر بولا تھا۔"

اصل میں آپ آج جلدی آ گئے تو مجھے تیار ہونے کا موقع بھی نہیں ملا" وہ وضاحت دیتے ہوئے بولی تھی۔"

اچھا ثانیہ نے کھانا کھایا؟" زید نے پوچھا تھا۔"

نہیں مجھے اس سے ڈر لگتا ہے میں نے اسے بولا بھی نہیں" تحریم نے آہستہ سے کہا تھا۔"

اچھا رکو میں بلاتا ہوں اسے پھر ساتھ کھائینگے" زید بولتے ہوئے اٹھا تھا۔"

جی آپ جائے میں ویٹ کر رہی ہوں" تحریم نے مسکرا کر کہا تھا۔۔۔"

زید مسکرا کر ثانیہ کے کمرے کی طرف چلا گیا تھا۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

***

کیا میں اندر آسکتا ہوں" زید نے نوک کر کے پوچھا تھا۔"

تھوڑی دیر بعد ثانیہ نے دروازہ کھول دیا تھا زید اسکی حالت دیکھکر کڑ گیا تھا۔

کیسی ہو" زید اندر آکر اسکے پاس بیٹھتے ہوئے پوچھا تھا۔"

ٹھیک ہوں" وہ آہستہ سے بولی تھی۔"

تم وقاص کے ساتھ ایسا کیوں کر رہی ہو ایسے کرو گی تو تمہارا گھر خراب ہو گا تم ایک سمجھ دار لڑکی ہو ایسے" بچکانا حرکتیں کر کے اپنا گھر خراب مت کرو ثانیہ" زید نے بلا تمہد اسے کہا تھا۔

تو آپ چاہتے ہو میں واپس چلی جاؤ میری ماں کو مارنے والے کے پاس چلی جاؤں؟" ثانیہ نے غصّے سے" پوچھا تھا۔

کسی نے نہیں مارا چچی کو موت اور زندگی لینا دینا اللہّ کے ہاتھ میں ہے اللہّ کو جب کسی کو اپنے پاس بلانا ہو وہ" کوئی نا کوئی بہانہ کر کے اپنے پاس بلا لیتا ہے اس میں کسی کا قصور نہیں ہوتا" زید نے سمجھایا تھا۔

وقاص نے مجھے اپنے آفئر بارے میں نہیں بتایا تھا میں نہیں جانا چاہتی گھر" ثانیہ نے ضد کرتے ہوئے کہا" تھا۔

کوئی بھی شوہر اپنے افئیر کے بارے میں بیوی کو نہیں بتاتا پھر وہ کیوں بتاۓ گا شکر ادا کرو اس نے تمہارے" " ساتھ غلط نہیں کیا ورنہ زبردستی والی شادی پر سب بہت بری طرح سے پیش آتے ہیں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Rulata Hai | By Sadiya Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

زید سنجیدگی سے اسکے سارے باتوں کا جواب دے رہا تھا۔۔۔

اسکی بات سن کر ثانیہ نے کچھ نہیں کہا تھا۔۔۔

ابھی اسے فون کر کے بولو رات کا کھانا ادھر کھائے اور تمہیں ساتھ لیکر جائے گھر "زید نے اسے نرمی سے کہا تھا۔

جی کرتی ہوں "وہ آہستہ سے سر جھکا کر بولی تھی۔"

شاباش کال کرنے کے بعد کھانا کھانے آجاؤ تحریم نے بہت مزے کے اچار گوشت بنائے ہیں جلدی آجانا"

" ہم تمہارا ویٹ کر رہے ہیں

زید نے مسکراتے ہوئے اسکے سر پہ ہاتھ رکھا تھا اور روم سے باہر نکل گیا تھا

وقاص مجھے یہاں نہیں رہنا مجھے الگ گھر میں رہنا "ثانیہ نے کہا تھا وہ شاہ مینشن میں آچکی تھی اور اب یہ " مطالبہ کر رہی تھی۔

پاگل ہو گئی ہو کیا میں کبھی الگ گھر میں نہیں رہونگا اپنے موم ڈیڈ کو چھوڑ کے "وقاص نے شاک سے اسکا" جواب دیا تھا۔

تو پھر آپ مجھے چھوڑ دو بھول جاؤ مجھے "وہ غصّے سے بولی تھی۔"

فضول بکواس بند کرو تمہیں چھوڑ دونگا یہ اپنے دماغ سے نکال دو "وقاص نے غصّے سے کہا تھا۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسے ثانیہ کی یہ باتیں حیرت میں ڈال رہی تھیں وہ ایک سمجھ دار لڑکی تھی پر اب بچوں کی طرح بی ہیو کر رہی تھی۔

"کیوں نہیں چھوڑو گے میں تو آپ کے اوپر مسلط کر دی گئی ہوں زبردستی شادی ہوئی ہے آپ کی میرے ساتھ پھر کیوں نہیں چھوڑ سکتے" وہ غصّہ اور دکھ کے ملے جلے تصرات کے ساتھ بولی تھی۔

"ہاں زبردستی شادی ضرور ہوئی تھی پر پھر تم سے محبت کرنے لگا تھا میں" وقاص نے وضاحت دی تھی۔

"واہ دو دن میں محبت ہو گئی مجھسے پہلے تو تحریم کے ساتھ تھی ایسے تو اگر میں مر گئی تو آپ تو دوسرے دن ہی دوسری شادی کر لو گے" وہ غصّے سے تمخسر اڑاتے ہوئے بولی تھی۔

"چپ رہو ایسی باتیں کر کے میری نظروں میں مت گرو ثانیہ" وقاص نے دکھ سے کہا تھا۔

"اصلی آئینہ دکھایا تو نظروں میں گر رہی ہوں امیز نگ" وہ تلخی سے ہنسی تھی۔

"تم کیوں الگ گھر میں رہنا چاہتی ہو یہاں رہنے میں کیا پرابلم ہے؟" وقاص نے اسکی بات کو نظر انداز کرتے ہوئے پوچھا تھا۔

"پرابلم ہے آپ کی موم جب بھی انکو دیکھتی ہوں مجھے اپنے ماما کی قاتل نظر آتی ہیں وہ اور میرا خون کھولنے لگتا ہے بس میں نہیں رہنا چاہتی یہاں" وہ غصّے سے ہڈ دھرمی سے بولی تھی۔

"پاگل ہو گئی ہو کیا مانا کہ موم کی باتیں سن کر عقیلہ انٹی کو ہارٹ اٹیک ہوا پر یہ اللّٰہ کی مرضی تھی اس میں تم بے وجہ موم پر الزام مت لگاؤ" وقاص نے غصّے سے کہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں کچھ نہیں جانتی بس مجھے الگ گھر میں رہنا ہے نہیں تو مجھے چھوڑ دو" وہ ضد کرتے ہوئے بولی تھی۔"

وقاص نے غصّے سے اسکی طرف دیکھا تھا اور بغیر کچھ کہے وہاں سے چلا گیا تھا اسکا ثانیہ کے ساتھ بحث کرنے کا کوئی موڈ نہیں تھا۔

***

السلام علیکم ڈیڈ" تحریم نے شاہنواز کو سلام کیا تھا آفس جاتے ہوئے زید نے اسے شاہنواز کے گھر چھوڑ دیا" تھا۔

وعلیکم السلام بیٹا کیسی ہو" شاہنواز نے گلے لگاتے ہوئے پوچھا تھا وہ اسکے آنے پر خوش تھے۔"

ٹھیک ہوں ڈیڈ آپ کیسے ہو اور موم کہاں ہیں" اسنے جواب دیتے ہوئے فرحین کا پوچھا تھا۔"

میں بھی ٹھیک ہوں اور تمہاری موم کچن میں کچھ کر رہی ہیں پتا نہیں کیا بنا رہی ہیں" شاہنواز نے مسکراتے" ہوئے کہا تھا۔

اچھا" وہ بھی مسکرائی تھی۔"

بیٹا ایک بات کرنی تھی تم سے" شاہنواز نے کہا تھا۔"

میں تمہاری شادی کی ہنسی خوشی کرنا چاہتا تھا پر حالات کچھ خراب ہو گئے تھے تو نہیں کر پایا میں چاہتا ہوں" چھوٹا سا کوئی فنکشن کر کے تمہیں رخصت کر دوں تاکے دنیا والوں کو بھی پتا چلے شاہنواز احمد کی بیٹی کی شادی ہو گئی ہے" انہوں نے کہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جی ڈیڈ آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں رات میں زید آئینگے تو آپ ان سے بات کر لیں نا" اسنے مسکرا کر کہا تھا۔"

ٹھیک ہے بیٹا میں ابھی آفس جا رہا ہوں رات میں ملینگے" شاہنواز کہتے ہوئے اٹھے تھے۔ "

ٹھیک ہے اللہ حافظ ڈیڈ اپنا خیال رکھنا" اسنے آہستہ سے کہا تھا۔۔۔"

شاہنواز نے مسکرا کر اسکے سر پہ ہاتھ رکھا تھا اور باہر چلے گۓ تھے۔۔۔

میں موم کو دیکھتی ہوں وہ کیا کر رہی ہیں" وہ بولتے ہوئے کچن کی طرف چلی گئی۔"

***

میں یہ کیا سن رہی ہوں تم الگ گھر میں رہنا چاہتی ہو؟" ثانیہ کے کال اٹھانے پر زرش جھٹ سے بولی تھی۔"

ہاں جو تم نے سنا ہے بلکل ٹھیک سنا ہے" ثانیہ نے روکھے لہجے میں جواب دیا تھا۔"

یار ایسا کیوں کر رہی ہو تمہیں پتا ہے نا موم ڈیڈ کے پاس صرف تم اور وقاص ہو۔"

اگر تم لوگ انھیں چھوڑ کر چلے گۓ تو وہ دونوں کیا کرینگے بوڑھے ہو گئے ہیں یار۔

وقاص بھائی نے مجھے کہہ دیا تھا نا تمہیں چھوڑ ینگے نا موم ڈیڈ کو ایسے میں تم یہ سب بحث کر کے انکی نظروں میں مت گرو "

زرش نے سمجھانے کی کوشش کی تھی۔

لیکن یار میں نہیں رہنا چاہتی عرفہ انٹی کو دیکھتے ہی غصّہ آنے لگتا ہے مجھے وہ میری موم کو وہ بات نہیں بتاتی" تو یہ سب نہیں ہوتا" وہ غصّے سے بولی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

موم نے مجھے سب بتایا تھا کیسے تحریم نے انکی بے عزتی کی تھی سب کے سامنے اور تم نے انھیں بچایا۔"

موم تمہارے اخلاق کی گرویدہ ہوئیں تھیں اسلیے وقاص کی شادی تمہارے ساتھ کی۔

اور تم یہ بات بھی نہیں جھٹلا سکتی اس دن موم نے جو بھی کہا تمہارے اور وقاص کی زندگی کو بچانے کے کہا تھا۔

انھیں لگا تھا تمہارے بھائی سے تحریم اسلیے شادی کر رہی تا کہ وہ بھائی کے قریب آ سکے پر تحریم اسلیے نہیں کر رہی تھی۔

وہ موو اون کر کے تمہارے بھائی سے شادی کر رہی تھی پھر یہ سب کر کے سب کی نظروں میں مت گرو کہ۔

موم کو اپنے فیصلے میں پچھتاوا ہو کیوں شادی کی تمہارے ساتھ وقاص کی۔

اور موم کو نہیں معلوم تھا عقیلہ انٹی دل کی مریضہ ہیں انکی زندگی اتنی تھی اسلیے وہ چلی گئیں۔

"باقی آگے تم سمجھدار ہو تم جو مرضی کرو میں اور وضاحت نہیں دونگی

ثانیہ نے تفصیل کے ساتھ سمجھایا تھا ثانیہ نے اسکی بات پر کچھ نہیں کہا تھا۔

تم سن رہی ہو میری بات ثانیہ؟" زرش نے پوچھا تھا۔"

ہا۔۔۔ں۔۔۔پر۔۔۔" ثانیہ جیسے ہی کہنے لگی اسکو زور سے چکر آنے لگے تھے اور اسنے ایک دم سے بیڈ پر" وامیٹ کر دی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا ہوا ثانیہ تم ٹھیک ہو؟"زرش اسکی الٹیو کی آواز سن کر پریشان ہو کر پوچھا تھا۔"

لیکن ثانیہ نے کال کاٹ دی تھی زرش کے کال کرنے پر اسنے فون نہیں اٹھایا تھا زرش نے پریشانی سے عرفہ شاہ کو کال کی تھی تاکہ وہ جا کہ ثانیہ کو دیکھ سکے۔

ثانیہ بیٹا کیا ہوا ہے افففف اتنی ساری الٹی کر دی تم نے "عرفہ شاہ زرش کے فون کرتے ہی جلدی سے ثانیہ" کے روم میں آئ تھیں اور سامنے وہ بیڈ پر وامٹ کر کے تھکی ہوئی بیٹھی تھی۔

پ۔۔۔پتا نہیں۔۔۔ایک دم سے چکر آیا اور الٹی کر دی۔۔۔واشروم جانے کا ٹائم بھی نہیں ملا"وہ تھکی" تھکی سی بولی تھی۔

کب سے ہو رہا ہے یہ سب"عرفہ شاہ کو کچھ کچھ سمجھ آیا تھا۔"

ماما کے گھر میں تھی ادھر بھی ہوا تھا ایک ویک ہو گئے ہونگے"ثانیہ نے آہستہ سے کہا تھا وہ بیڈ سے اٹھ چکی" تھی اور واشروم کی طرف گئی تھی۔

تم نے پہلے کیوں نہیں بتایا ثانیہ"وہ خوشی سے بولیں تھیں انکے انداز پر ثانیہ نے حیرت سے انکی طرف دیکھا" تھا۔

میری یہاں طبعیت خراب ہے اور آپ کو خوشی ہو رہی ہے؟"اسنے حیرت سے کہا تھا۔"

ہاں کیوں کے یہ خوشی کی خبر ہے تم ماں بننے والی اور میں دادی"عرفہ شاہ نے مسکرا کر کہا تھا۔"

ثانیہ منہ دھونے لگی تھی یہ بات سن کر وہ سناٹے میں آگئی تھی اور پیچھے مڑ کر عرفہ شاہ کی طرف دیکھا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Rulata Hai | By Sadiya Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ۔۔۔سچ بول۔۔۔رہی ہیں؟"وہ خوشی کے ملے جلے تعصرات کے ساتھ بولی تھی۔"

ہاں بیٹا میرا تو یہی اندازہ ہے باقی ڈاکٹر کے پاس جا کر کنفرم کرینگے تم جلدی تیار ہو جاؤ پھر چلتے ہیں ڈاکٹر کے پاس"عرفہ شاہ نے کہا تھا۔

جی میں یہ صاف کرلوں پھر چلتی ہوں"وہ چاہکر بھی انکے ساتھ بتمیزی سے بات نہیں کرپائی تھی۔"

ٹھیک ہے جلدی کرلو میں باہر ویٹ کررہی ہوں"وہ بولتے ہوئیں روم سے باہر نکل گئی تھیں۔"

***

ہر طرف گہما گہمی تھی خوشیوں کا ایک سماء پھیلا ہوا تھا میوزک کی آواز آرہی تھی شہر کے بڑے بڑے بزنس مین بھی اپنی بیوی بچوں کے ساتھ آئے ہوئے تھے۔

اتنے میں دلہن بنی تحریم اور دولہا بنا زید کی انٹری ہوئی تھی دونوں نے ایک دوسرے کے ہاتھوں میں ہاتھ ڈالا ہوا تھا۔

انکے اندر آتے ہی ہر طرف شور اٹھا تھا اور پٹاخوں کی آواز آرہی تھیں۔

ماشاللہ بہت اچھے لگ رہے ہو آپ دونوں ایک ساتھ"ثانیہ نے انکی بلائی لی تھیں۔"

اسکے ساتھ وقاص بھی کھڑا تھا وہ دونوں کو ایک ساتھ دیکھ کر مسکرا رہا تھا باپ بنانے والی بیوی کی خوشی ہی اسے اتنی تھی کہ اسے ثانیہ کے سوا کچھ نہیں دیکھ رہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عرفہ شاہ اسے ڈاکٹر کے پاس لیکر گئیں تھیں اور انکا شک ڈاکٹر سمیہ نے یقین میں بدل دیا تھا وہ بہت خوش ہوئیں تھیں۔

ثانیہ بھی خوش تھی اسنے شرماتے گھبراتے وقاص کو بتایا تھا اسکی بات سن کر وقاص خوشی سے پھولے نہیں سما رہا تھا۔

اور اسنے ثانیہ کو پھر سے سمجھایا تھا وہ ماں بننے والی ہے اور ابھی تو بچا دنیا میں بھی نہیں آیا۔

اور تمہیں اپنے بچے سے اتنا پیار ہو گیا ہے اسکے بغیر رہنا بھی محال لگنے لگا ہے۔

پھر سوچو میں تو موم کا اکلوتا بیٹا ہوں وہ کیسے میری جدائی برداشت کرینگی۔

اسکی بات سن کر ثانیہ شرمندہ ہو گئی تھی اور اسنے اپنی ضد چھوڑ دی تھی۔

عرفہ شاہ ان دنوں اسکا جتنا خیال کر رہی تھیں اتنا تو شاید کوئی ماں بھی نا کرے وہ خوش تھی۔

جیجو جوتا چھپائی کے پیسے نکالو پھر ہم آپکا جوتا آپ کو دینگے "نینا زید کی سالی بن کر بولی تھی وہ تحریم کی کزن" تھی۔

وہ لوگ آخری میں رسم کر رہے تھے اور دودھ پلائی کی رسم کرنے اور کچھ پیسے لینے کے بعد نینا پھر سے پیسے کی فرمائش کر رہی تھی باقی سب ان کی باتیں انجوائے کر رہے تھے۔

ارے ابھی تو آپ نے دودھ پلائی کی رسم میں پچاس ہزار لیے ہیں؟" زید نے حیرت سے بھری آواز میں" کہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں تو وہ دودھ پلائی کی رسم تھی ابھی جوتا چھپائی کی رسم ہے آپ نے پیسے نہیں دیئے تو آپ کو جوتے کے بغیر ہی گھر جانا ہو گا" نینا نے شرارت سے کہا تھا۔

واہ ایک گلاس دودھ کے پچاس ہزار" زید نے آہ بھر کر کہا۔"

سب اسکی بات پر ہنسنے لگے تھے۔

ہاں اب بھی جوتا چھپائی کے بھی پچاس ہزار نکالیں" نینا نے پھر کہا تھا۔"

اوئے میرے بھائی کو کنگلا کرنے کا ارادہ ہے کیا" ثانیہ نے بیچ میں کہا تھا۔"

ہاں یہی سمجھ لیں" نینا نے شرارت سے کہا تھا۔"

لے دے کر زید نے جوتا چھپائی میں بیس ہزار نکالے تھے اور نینا کو پکڑائے تھے۔

تھوڑی دیر بعد رخصتی کرنے کا آرڈر دیا تھا زید نے رخصتی کے ٹائم تحریم کی آنکھیں گیلی ہو گئی تھی۔

فرحین احمد بھی رو رہی تھیں اکلوتی بیٹی تھی وہ انکی شاہنواز احمد بھی اپنے آنسوں ضبط کر رہے تھے۔

مشل اسکے گلے لگے رودی تھی رخصتی کا گانا بھی چل رہا تھا جسے سن کر سب ایموشنل ہونے لگے تھے۔

شاہنواز نے آگے بڑھ کر تحریم کو گلے لگایا تھا تحریم پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی تھی۔

"بابا کی رانی ہوں آنکھوں کا پانی ہوں"

"بہہ جانا ہے جسے دو پل کہانی ہوں"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہنواز جو کب سے اپنے آنسوں روکنے کی کوشش کر رہے تھے

گانے کے یہ الفاظ سن کر وہ بھی رونے لگے تھے۔

"امّاں کی بٹیاں ہوں آنگن کی مٹیاں ہوں"

"ٹک ٹک نیہارے جو پردیسی چھٹیاں ہوں"

فرحین احمد نے تحریم کو گلے لگایا تھا وہ بھی رو رہی تھیں۔

وہ روتے روتے زید کے ساتھ کار میں بیٹھی تھی آنسوں مسلسل بہہ رہے تھے۔

براتی بھی سب سے مل کر اپنی گاڑیوں میں بیٹھ رہے تھے۔

یار اتنا رو رہی ہو جیسے امریکا جا رہی ہو میں روز تمہیں انکل انٹی کے گھر چھوڑ دونگا رونا بند کرو ورنہ میں "

تمہارے ان آنسوں میں بہہ جاؤنگا" زید نے اسکے کان میں سرگوشی کی تھی۔

اسکی بات سن کر تحریم کے غصّے سے اسے گھورا تھا۔

ہائے ظالم حسینہ ایسے دیکھو گی تو مر جاونگا میں" وہ مسکرا کر اسے چھیڑتے ہوئے بولا تھا۔

وہ اسکی بات سن کر روتے ہوئے شرما کر مسکرانے لگی تھی۔

***

یار آج تم سارے مجھے کنگلے کر دو گے قسم سے" زید چلایا تھا۔"

ثانیہ اسے روم میں جانے نہیں دے رہی تھی اپنا نیگ مانگ رہی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں تو اپنی سالی کو ستر ہزار دے سکتے ہو تو مجھے تیس ہزار کیوں نہیں دے سکتے آپ "ثانیہ نے طنز کیا تھا۔"

سب اسکی بات پہ ہنسنے لگے تھے وقاص اسکو اپنے بھائی سے لڑتا ہوا دیکھ رہا تھا اسکے ہونٹوں میں مسکراہٹ تھی۔

افف یہ لو پیسے اب میری جان چھوڑو "زید نے تنگ آ کر پیسے پکڑائے تھے۔"

آدھی رقم میری ہے "زرش نے بیچ میں تنگ اڑائی تھی ریان نے اسے گھورا تھا۔"

ہاں تمہاری ہے اس میں آدھی رقم "ثانیہ نے ہنس کر کہا تھا۔"

چلو بچوں اب یہاں سے انھیں آرام کرنے دو "عرفہ شاہ نے سب سے کہا تھا۔"

جی جا رہے ہیں "سب کہتے ہوئے آگے پیچھے چلے گئے تھے۔"

انکے جانے کے بعد زید نے دروازہ بند کیا تھا اور بیڈ پر بیٹھی ہوئی تحریم کے پاس بیٹھا تھا۔

السلام علیکم میری جان "زید نے مسکرا کر اسے سلام کیا تھا اور اسکا ہاتھ پکڑا تھا۔"

وعلیکم السلام "تحریم نے سلام کا جواب دیا تھا جھجک سے اسنے اپنا ہاتھ کھینچا تھا۔"

زید اسکی حرکت پر مسکرایا تھا اتنے وقت ایک ساتھ رہتے ہوئے کبھی ایک دوسرے کے بیحد نزدیک نہیں آئے تھے وہ اسکی جھجک کو سمجھ رہا تھا۔

میرے نام کی مہندی اور میرے لیے تیار ہونا آج سچ میں بہت خوبصورت لگ رہی ہو مجھے بہت خوشی "ہو رہی ہے بیان نہیں کر سکتا"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Ishq Rulata Hai | By Sadiya Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

زید نے واپس اسکا ہاتھ پکڑ کر کہا تھا اور اسکے نازک ہاتھ میں خوبصورت کی ڈائیمنڈ بریسلیٹ پہنائی تھی۔

بہت خوبصورت لگ رہا ہے یہ "تحریم نے بریسلیٹ کے اوپر ہاتھ پھیرا تھا اور اسکی طرف دیکھا تھا۔"

پر تم سے خوبصورت نہیں ہے "زید کی آنکھوں میں جذبات تھے تحریم نے نظرے نیچی کی تھی۔"

زید نے آہستہ سے اسے اپنے قریب کیا تھا اور اسکے اوپر جھکا تھا اور شدت سے اپنا پیار لٹایا تھا۔

تھوڑی دیر بعد زید پیچھے ہوا تھا اور اسکی طرف دیکھا تھا۔

تحریم اپنی بے ترتیب سانسیں سمبھال رہی تھی اور اسکی طرف دیکھنے سے گریز کر رہی تھی۔

آج میں چاہتا ہوں میری امامت میں تم دو نفل نماز پڑھو اور ہمارے آگے کی زندگی کے لیے دعا کرو "زید نے مسکرا کر تحریم سے کہا تھا۔

"....جانتی ہو مجھے کیا پسند ہے؟"

"....تمہیں نماز پڑھتے ہوئے دیکھنا

اسکی بات پر تحریم نے بھیگی نظروں سے اسے دیکھا تھا اسکی آنکھوں میں زید کے لیے محبت احترام کیا کچھ نہیں تھا۔

دونوں اٹھے تھے فریش ہو کر وضو کرنے کے بعد جائے نماز میں کھڑے ہو چکے تھے۔

---نمازِ عشق تیرے آنچل میں ادا کر چکے---

---اب کسی اور کو چاہوں تو کافر ہو جاؤں---

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

***

(ختم شدہ)

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہو گا اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و

عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel